Glossary of Technical Terms

(English - Urdu)

HISTORY AND POLITICAL SCIENCE

فرہنگ اصطلاحات

(انگریزی۔ اردو)

تاریخ وسیاسیات

ترقی اردو بیورو نئی دہلی

BUREAU FOR PROMOTION OF URDU
Department of Education
Government of India

Glossary of Technical Terms

فرہنگ اصطلاحات

(English-Urdu)

(انگریزی — اردو)

HISTORY AND POLITICAL SCIENCE تاریخ و سیاسیات

Year of Publication: 1990 — Saka 1911

سنہ اشاعت ۱۹۹۰ شک ۱۹۱۱

First Edition. 30 00

پہلا ایڈیشن : ۳۰۰۰

S. No. 649

سلسلہ مطبوعات : ۶۴۹

Rs. 24/=

قیمت : ۲۴/- روپے

Published by the Director, Bureau for Promotion of Urdu, Deptt. of Education Ministry of Human Resource Development, (Govt of India) West Block 8 R K Puram, New Delhi-110 066 and Printed at. Super Printers Delhi-51

ناشر : ڈائرکٹر، ترقی اردو بیورو، محکمہ تعلیم حکومت ہند و وزارت ترقی انسانی وسائل حکومت ہند۔
طابع : سپر پرنٹرس انار کلی، دہلی۔

پیش لفظ

بیسویں صدی عیسوی میں دیگر علوم کے ساتھ سائنسی علوم نے برق رفتاری سے ترقی کے منازل طے کیے ہیں۔ ان کے ذخیرۂ علوم کی عصری افادیت اور اہمیت کے پیشِ نظر سائنسی ایجادوں اور کارناموں سے متعلق تصانیف کا دنیا کی اہم اور ترقی یافتہ زبانوں میں ترجمہ کیا جارہا ہے۔ ترقی اردو بیورو کے قیام کے بعد مختلف علوم کے ساتھ سائنسی، تکنیکی اور طبی علوم کی کتابوں کے ترجموں کا کام شروع کیا گیا تو اصطلاحات کا مسئلہ درپیش ہوا۔ سائنسی علوم میں جامعیت اور اختصار سے کام لیا جاتا ہے۔ اس لیے اصطلاحات کے ذریعے معنی و مطالب کے جہان کی افہام و تفہیم کی جاتی ہے۔ بقول پروفیسر وحیدالدین سلیم:

"اصطلاحیں درحقیقت اشارے ہیں جو خیالات کے مجموعوں کی طرف ذہن کو فوراً منتقل کر دیتے ہیں۔"

ایسی ہی حقیقتوں اور ضرورتوں کے پیشِ نظر ترقی اردو بورڈ نے اپنے قیام کے ابتدائی دور میں ہی سائنسی اور سماجی علوم کے مختلف شعبوں کے ماہروں پر مشتمل 18 اصطلاح ساز کمیٹیاں قائم کیں اور اصطلاح سازی کے سلسلے میں عثمانیہ یونیورسٹی کے دارالترجمہ میں ہوئے کام اور اسی طرح کے دوسرے سرمایہ سے استفادہ کرتے ہوئے ترقی اردو بیورو نے کچھ رہنما اصول بھی وضع کیے تاکہ اصطلاح سازی کے کام میں سہولت ہو اور ان کے لسانی مزاج اور معیار میں یکسانیت رہے۔ ان رہنما اصولوں میں مندرجہ ذیل اصول اساسی اہمیت کے حامل ہیں۔

1۔ ایسی اصطلاحوں کو ترجیح دی جانی چاہیے جو مروج یا مقبول ہو چکی ہوں۔

چاہے ان میں کوئی لسانی یا معنوی سقم ہی کیوں نہ ہو۔

2۔ اگر کوئی اصطلاح ایک سے زائد معنوں میں مستعمل ہے تو ایسی صورت میں اس کے مختلف مفاہیم کو علیحدہ علیحدہ الفاظ/اصطلاح سے واضح کیا جانا چاہیے۔

3۔ اصطلاحوں اور عام الفاظ میں فرق کیا جانا چاہیے۔ عام الفاظ کو فرہنگ میں شامل نہیں کیا جانا چاہیے۔

4۔ کون سا لفظ اصطلاح ہے اور کون سا محض ایک عام لفظ، اس کا فیصلہ مضمون کے ماہرین کی رائے اور حسب ضرورت معیاری انگریزی لغات کی مدد سے کیا جاتا چاہیے۔ اگر ایسی لغت یا لغات میں کسی لفظ کے کوئی خاص معنی یہ کہہ کر دیے گئے ہیں کہ یہ معنی کسی فن یا کسی علم سے مخصوص ہیں، تو اس فن یا علم کے مقاصد کے لیے اس لفظ کو اصطلاح تصور کیا جائے۔

5۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، ایک اصطلاح کا ہی اردو متبادل دیا جائے بشرطیکہ وہ اصول نمبر 2 کی ذیل میں نہ آتا ہو۔

6۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، اصطلاح یک لفظی ہی ہونی چاہیے۔ ناگزیر صورتوں میں یہ دو لفظی بھی ہو سکتی ہے۔ ایسی اصطلاحیں کم سے کم وضع کی جائیں جو دو سے زائد الفاظ پر مشتمل ہوں۔

7۔ ہندی اصطلاح کے اختیار کرنے کو (اگر ایسی اصطلاحیں اردو میں بآسانی تلفظ اور تحریر کی جاسکتی ہوں) عربی اصطلاحوں کے اختیار کرنے پر مراجع سمجھا جائے۔

8۔ اگر کسی اصطلاح کو ایک سے زائد الفاظ کے ذریعے ادا کرنے کی ضرورت پیش آئے تو حسب ذیل ترکیبات کو نیچے دی ہوئی ترتیب کے اعتبار سے ترجیح دی جائے گی۔

ا۔ وہ ترکیبات جن میں اضافت یا حروف ربط و جار کی قسم کے الفاظ و علامات نہ ہوں۔

ب۔ وہ ترکیبات جن میں یائے نسبتی ہو۔

ج۔ وہ ترکیبات جن میں اضافت ہو (بشرطیکہ ان میں ایک سے زائد اضافتیں ہوں تو ان میں کم سے کم ایک کو کا / کی / کے سے بدل دیا جائے۔

د۔ وہ ترکیبات جن میں کا، کی / کے وغیرہ استعمال کیے گئے ہوں۔

9۔ اگر کوئی اصطلاح ایک سے زائد علم یا فن میں مشترک ہے اور ان سب علوم و فنون میں ایک ہی مفہوم میں استعمال کی جاتی ہے، تو اس کا اردو متبادل بھی ہر جگہ ایک ہی رکھا جائے گا۔

10۔ الفاظ کو وضع کرنے کے اصولوں میں اتنی کشادہ دلی ہونی چاہیے کہ ہندی، عربی، فارسی یا عربی فارسی یا فارسی عربی اور پراکرت ترکیبات بھی قابلِ قبول ٹھہریں۔

11۔ اگر کوئی انگریزی اصطلاح مروج ہو اور عام فہم ہو تو اُسے برقرار رکھا جائے۔ ایسی عام فہم اصطلاحوں کے لیے اردو متبادلات بنانے یا تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

12 اعلام کو ایسا ہی لکھا جائے جیسے کہ وہ اردو میں مقبول ہو چکے ہیں۔ البتہ ایسے اعلام جو ابھی مقبول نہیں ہوئے ہیں، ان کو حروف ہجی کے حدود کا لحاظ رکھتے ہوئے ممکن صحت کے ساتھ لکھا جانا چاہیے۔

13۔ اگر کوئی علم کسی اصطلاح کا حصّہ بن چکا ہے تو اس علم کا اصول نمبر 12 کی روشنی میں اردو میں ترجمہ کیا جانا چاہیے۔

اصطلاح سازی کا کام ایسے مشکل اور صبر آزما ادبی کاموں میں سے ہے جس کی تکمیل کے لیے وقت، لگن اور محنت درکار ہے۔ اصطلاح سازی کی اس اہم ذمّہ داری سے عہدہ بر ہونے کے لیے ترقی اردو بیورو نے ملک کے ممتاز مشاہیر اور ماہرین کا تعاون حاصل کیا ہے۔ مختلف اوقات میں اصطلاحوں کے فنی اور لسانی پہلوؤں پر بھی عمیق غور و فکر ہوتا رہا۔ اس سلسلے میں ہوئے آج تک کے کام کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا۔ اس طرح ان کمیٹیوں کے جلسے طلب کیے گئے۔ کسی کمیٹی نے اپنا کام بیس اجلاس میں ختم کیا ہے تو کسی نے اس سے زیادہ میں۔ ان جلسوں میں اصطلاح سازی کے دوران ماہرین نے اپنے وسیع مطالعہ اور تجربے کے ساتھ ان کے صوری حسن اور معنوی پرتوں پر بھی دھیان دیا ہے اور اپنی فکری، ذہنی اور دانشورانہ صلاحیتوں سے خوب کام لیا ہے۔ بہتر سے بہتر اصطلاحیں وضع کرنے کی کوشش کی ہے۔ پھر بھی دعویٰ ہرگز نہیں ہے کہ یہ وضع کردہ اصطلاحیں اپنے مضمون میں قولِ آخر کی حیثیت رکھتی ہیں۔ کیوں کہ علم اور تحقیق کے میدان میں نئے مواد اور ترقی اور تبدیلی کے لیے دروازے، ہمیشہ کھلے رہتے ہیں اور رہنا چاہیے۔

جس کے نتیجے میں مناسب ترمیم اور اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ تکنیکی اور سائنسی تصانیف اور ان علوم کی درس و تدریس کی زبان کو اس مقصد کے لیے طویل مدت تک تواتر کے ساتھ پورے خلوص سے استعمال نہیں کیا گیا۔ اگر ایسا ہوتا تو ادبی اور تہذیبی تناظر کے ساتھ سائنسی اور علمی میدانوں میں بھی اردو زبان میں پنہاں صلاحیتوں کا اندازہ ہو جاتا۔ ان حالات میں اصطلاح سازی کا کام بظاہر مشکل معلوم ہوتا ہے۔ مگر اردو میں اصطلاح سازی کا مسئلہ زیادہ سنگین نہیں۔ کیوں کہ ابتدا ہی سے اس زبان کے خمیر میں سنسکرت، عربی اور فارسی جیسی عظیم زبانوں کی مٹی شامل ہے۔ عہد قدیم میں یہ تینوں زبانیں سائنسی، ادبی اور فنی کارناموں کے اظہار کا ذریعہ رہ چکی ہیں۔ اور یہ وہ زبانیں ہیں جنھوں نے علمی اور سائنسی معلومات کے ساتھ معنی آفریں تراکیب و مرکبات اور علمی و سائنسی اصطلاحیں بھی عہد جدید کے سائنسدانوں اور مفکرین کو دیں، جن کی تفصیل اُن تینوں زبانوں کی علم و ادب اور تاریخ کے صفحات میں موجود ہے۔ یہ موقع نہیں کہ اُن کی تفصیلات سے بحث کی جائے۔

جابر بن حیان (776ء) نے جو یورپ میں GEBCK کے نام سے مشہور ہے۔ 27 کتابیں علم کیمیا اور دیگر سائنسی علوم پر لکھی ہیں۔ ان کا ترجمہ مختلف یورپین زبانوں میں ہو چکا ہے۔ اس نے نائٹرک (NITRIC) سلفیورک ایسڈ (SULPHURIC ACID) دریافت کیا تھا اور لیڈ کاربونیٹ (LEAD CARBONATE) تیار کرنے کے لیے آرسینک (ARCENIC)۔ اور اینٹی نومی (ANTINOMY) کو سلفائڈس (SULPHIDES) سے الگ کرنے کا طریقہ بھی دریافت کرنے میں امتیاز حاصل کیا تھا۔ البیرونی نے ہندوستان میں 40 سال قیام کیا اور سنسکرت زبان پر عبور حاصل کیا تاکہ دیگر علوم کے ساتھ علم کیمیا اور علم نباتات بھی ہندوستان میں حاصل کرے۔ ہندوستان نے علم ریاضی میں وہ کمال حاصل کیا تھا کہ ہندوستان کے عہد قدیم کے کارنامے عہد جدید کے ترقی یافتہ ممالک میں آج بھی باقاعدہ تحقیق کا موضوع بنے ہوئے ہیں۔ مطلب یہ کہ جس زبان کے ورثے میں سائنس اور دیگر علوم موجود ہیں۔ اس میں بہتر سے بہتر اصطلاحیں وضع کرنے کے لیے صرف ریاض اور خلوص سے باقاعدہ غور و فکر کی ضرورت ہے۔

آزادی کے بعد اس کام کی تکمیل کا بیڑا ترقی اردو بیورو نے اُٹھایا اور خوشی و مسرت کا مقام ہے کہ ترقی اردو بیورو نے مختلف مضامین میں کام تقریباً مکمل کر لیا ہے۔ ایسی علمی اصطلاحوں کی کچھ فرہنگیں چھپ کر منظر عام پر آچکی ہیں۔ کچھ چھپ رہی ہیں اور

امید ہے کہ باقی فرہنگیں بھی جلدی شائع ہو جائیں گی۔ زیر نظر فرہنگ اصطلاحات کی تیاری اور تکمیل میں جن ماہرین کا ہمیں بھرپور علمی و عملی تعاون حاصل رہا ہے۔ ہم ان کے شکرگذار ہیں۔ اصطلاح سازی کے اس کام سے بیورو کے کچھ سابقہ عہدہ دار بھی منسلک رہے ہیں۔ زیر نظر فرہنگ کی اصطلاح ساز کمیٹی کے اراکین کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں۔

پروفیسر رشید الدین خاں
جواہر لال نہرو یونیورسٹی۔ نئی دہلی

پروفیسر ایم۔ ایس اگوانی
جواہر لال نہرو یونیورسٹی۔ نئی دہلی

پروفیسر اے۔ بی لال
اسٹیٹ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن بھوپال

پروفیسر زیڈ۔ ایچ۔ فاروقی
جامعہ ملّیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی

پروفیسر کے۔ اے۔ نیازی
علیگڑھ مسلم یونیورسٹی

ڈاکٹر اے۔ ایف عثمانی
علیگڑھ مسلم یونیورسٹی

پروفیسر بی۔ پی سکسینہ
الہ آباد

جناب ایم۔ این۔ مینائی
جامعہ ملّیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی

پروفیسر ایس۔ اے۔ ایچ حقی
علیگڑھ مسلم یونیورسٹی

جناب ایم۔ اے۔ سلیم خاں
علیگڑھ مسلم یونیورسٹی

جناب احسان علی مرزا
حیدر آباد۔

ڈاکٹر فہمیدہ بیگم

ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو
نئی دہلی

A

Abbevillian (Pre-Hist.)	ابویلی (قبل تاریخ)
Abbey	ایبی عیسائی خانقاہ
Abbot	ایبٹ صدر راہب
ABC Countries	اے۔بی۔سی ممالک
Abdication	ترکِ بادشاہت
Ablution (Ceremonial washing of the sacred vessels etc.)	طہارت۔وضو
Abolitionist	انسداد غلامی کا حامی
-movement	تحریک انسداد غلامی
Aboriginal	آدی واسی۔ قدیمی
Aborigines	آدی واسی۔ ملک کا اصلی باشندہ
Abrogation	منسوخی
Absolute monarch	مطلق العنان بادشاہ
-monarchy	مطلق العنان بادشاہی
-theory of the state	مطلق العنان ریاست کا نظریہ
Absolutism	استبدادیت۔مطلق العنانی
Absorbed	ضم شدہ
Absorbing state	ضم کرنے والی ریاست
Absorption	انضمام
Academy	اکادمی
Accede	دستوری طور پر شامل ہونا

Accession 1. (act of acceding and becoming joined.)	دستوری شمولیت۔ فائز ہونا
2. (Act of coming to a throne etc.)	تخت نشینی
-clause	دفعہ شمولیت
Acclimatization (Mil-Space	رس بساؤ۔ نئے ماحول کا عادی بنانا (فوجی یا خلائی)
Accord	صلح نامہ۔ معاہدہ۔ سمجھوتہ۔ اتفاق نامہ
Accountability (e.g. of trustees to U.N.)	جواب دہ ہونا۔ جواب دہی
Accreditation	سند سفارت دینا۔ سند اعتماد دینا
- concurrent	مشترک سند اعتماد / سفارت
Accredited (Corraspondent)	مستند نامہ نگار
-Agent	مستند ایجنٹ / نامہ نگار
Accretion	اضافہ
-(to territory)	آراضی / علاقہ کا اضافہ
-,Artificial (ofterritory)	ارادی اضافہ (علاقہ)
-,Natural	قدرتی اضافہ
Acculturation (Transfer of cultural Elements from one social group to another.)	کسب تہذیب
-, marginal	خفیف کسب تہذیب
Acerra	عود دان (قدیم رومی)
Achaean (=Achian) One of the people of Achaia.	ایکے این۔ ایکیے یا کے رہنے والے

-League (either of two confederations of Achaean towns; 300 B.C.; 280 B.C.)	ایکے ین لیگ
Acheulean	ایشولی
Acquisition	حصول
-of citizenship, modes of	حصول شہریت کے طریقے
-- Nationality	حصول قومیت
---through naturalisation	حصول قومیت بر بنائے سکونت
-- territory.	حصول علاقہ
Acrolith	ایکرولیتھ
Acrophonetic writing (in which a symbol represents phonetically the initial sound of the name.)	ایکروفونے ٹک / اشاری رسم خط
Acropolis	ایکروپولیس (قدیم یونانی)
Acroterium (Arch.) (one of the angles of a pediment; a statue etc. placed at one of these.)	ایکروٹے ری ام
Act	ایکٹ / قانون / فعل
Acta	سرکاری ریکارڈ / روئیداد
-Diurna (Roman Myth)	روزنامچہ (قدیمی رومی)
--Senatus	سینٹ کی روداد
Acto	ایکٹ۔ قانون
- Authentique	مستند ایکٹ / روداد
- Finale	آخری ایکٹ / روئیداد
Acting	قائم مقام
-agent	قائم مقام ایجنٹ / گماشتہ
- commissioner	قائم مقام کمشنر

Action	عمل ،کارروائی
-,coercive	جابرانہ عمل / کارروائی
-, preventive	انسدادی کارروائی
-, remedial	تدارکی کارروائی
Actionable wrong	قابل مواخذہ قصور
Active politics	عملی سیاست
Activities	سرگرمیاں
Activity, political	سیاسی سرگرمی
Act of aggression	جارحانہ فعل ۔ کارروائی
--consolidation (Eng.Hist.)	ایکٹ آف کنسولی ڈے شن
--hostility	عداوتی کارروائی
--Repeal (Eng. Hist.)	ایکٹ آف ریپل (قانون تنسیخ / تاریخ انگلستان)
--settlement (Eng.Hist.) (Year 1701 A.D.)	ایکٹ آف سیٹلمینٹ (قانون سیٹلمینٹ / تصفیہ
--Supremacy(Year 1534)	ایکٹ آف سپریمیسی / قانون برتری
-- War	جنگی کارروائی / عمل جنگ
--insurgence	باغیانہ عمل
-short of War	عمل کم از جنگ
Adelphikos(Greek Mytho.)	ایڈلفیانہ شادی
Ades (hades)(Gr. Mythol.)	پاتال
Adhesion	پابندی ۔ پابندی معاہدہ
-(to a treaty)	معاہدہ کی پابندی
Ad-hoc Commission of Prisoners of War.	جنگی قیدیوں کا ایڈہاک کمیشن
- committee	ایڈہاک کمیٹی
- Political Committee	ایڈہاک سیاسی کمیٹی
Ad-infinitum	لاانتہا

Adjourn	التوا / ملتوی کرنا
Adjournment	التوا
Adjudicate	فیصلہ کرنا (عدالتی)
Adjudication	انفصال ۔ عدالتی فیصلہ
Administering authority	صاحب اختیار منتظم
-power	اختیار انتظامی
Administration	انتظامیہ ۔ انتظام ۔ حکومت
-(of International Law etc.)	بین الاقوامی قانون کا نفاذ
-, general	انتظام امور عام ۔ انتظامیہٴ عام
- of justice	عدل گستری
Administrative and Budgetary committee	انتظامی اور بجٹ کمیٹی
- court	انتظامی عدالت
- officer	افسر انتظامیہ
- set up	انتظامی ڈھانچہ
-tribunal	انتظامی ٹرائی بیونل
-union	انتظامی یونین
Administrator	منتظم ۔ ایڈمنسٹریٹر
Admiral	امیر بحر ۔ اڈمیرل
Admissible	قابلِ قبول ۔ قابلِ داخلہ
(Legal and Administrative)	
Ad referendum	بشرط منظوری
Adult	بالغ
-Education	تعلیم بالغان
-Franchise	بالغوں کا اختیار ووٹ
Ad valorem tariff	محصول حسب قیمت / فہرست
Adviser	مشیر

-,Communications	مشیر رسل و رسائل
-,Financial	مشیر مالیات
-,Legal	مشیر قانونی
-,Medical	مشیر طبی
-,Military	مشیر فوجی
-,Naval	مشیر بحریہ
-,Railways	مشیر ریل
-,Scientific	مشیر سائنس
Advisory Committee	مشاورتی کمیٹی
--on International Conference on the Peaceful Uses of Atomic Energy (U.N.O.)	ایٹمی طاقت کے پرامن استعمال کی مشاورتی کمیٹی
-Opinion	مشاورتی رائے
Adze (Anthrpology)	تیشہ / بسولا
Aedile	ای ڈائل (قدیم روم کے بلدی معاملات مجسٹریٹ)
Aegis (Gr. Hist.)	ایجز / ڈھال / زیر نگرانی / زیر سایہ
Aeon	جگ
Aerial	ایریل / ہوائی
-bombardment	ہوائی بمباری
-Navigation	ہوائی جہازرانی
-convention	ہوائی جہازرانی کا معاہدہ
-observation	ہوائی جہاز سے مشاہدہ / فضائی مشاہدہ
-warfare	ہوائی جنگ
Aeromancy	فضائی پیش گوئی
Aerarium (Roman)	ای رے ری ام۔ سرکاری خزانہ (قدیم روم کا)
Affidavit	حلف نامہ
affiliate	الحاق کرنا

affiliation — الحاق
Afro-Asian conference — افریشیائی کانفرنس
Agadir incident — واقعہ آغادیر
(Eur. Hist. Year 1911)
Agape — اگپے / وہ دعوت جو قدیم عیسائی عشائے ربانی کے سلسلے میں دیا کرتے تھے
Age — دور
-, Azoic — ازوی دور۔ قبل حیاتی دور
-, Brass — پیتل کا دور
-, Bronze — کانسے کا دور
-,-(late) — کانسے کا آخری دور
-, Cenozoic or cainozoic — سینوزوائک دور۔ کینوزوائک دور
-, Chalcolithic — پتھر تانبہ کا دور
-, Classical — کلاسیکی دور
-, Copper — تانبہ کا دور
-, Crude stone — ان گڑھ پتھر کا دور
-, Dark — دور تاریک
-, Epic — رزمیہ دور / ایپک دور
-, Glacial — گلیشیائی دور
-, Golden — سنہرا دور
-, Heroic — سورمائی دور
-, Ice — برف کا دور
-, Iron — لوہے کا دور
-, Metal — دھات کا دور
-, Middle Stone — پتھر کا وسطی دور
-, Modern — دور جدید
-, Neolithic — پتھر کا نیا دور
-, Palaeanthropic — قدیم انسانی دور

-, Palaeolithic	پرانا پتھر کا دور
—, Paleozoic (Geol)	قدیم حیاتی دور
—, Pleistocene (Anth)	پلسٹوسین دور
—, Pre-historic	ماقبل تاریخ دور
—, Proto-historic	نیم تاریخی دور۔ پروٹو ہسٹارک دور
—, stone	پتھر کا دور
-- of chivalry	شجاعت کا دور
-- enlightenment	روشن خیالی کا دور
-- Mammals	پستاندار حیوانات کا دور
-- Pyramids	اہرام کا دور
-- Reason	عقلیت کا دور
--for suffrage	ووٹ دینے کی عمر۔ عمر رائے دہندگی
— limit	عمر کی حد
Agency	ایجنسی
-, United Nations Korean Reconstruction	اقوام متحدہ کی کوریائی تعمیر نو کی ایجنسی
-, Relief and Rehabilitation	راحت رسانی / راحت کاری / بازآبادکاری کی ایجنسی
Agenda	ایجنڈا
- Committee	ایجنڈا کمیٹی
Agent	ایجنٹ۔ گماشتہ
-, Consular	قونصلی ایجنٹ / کانسلی ایجنٹ
-, Political	پولیٹیکل ایجنٹ۔ ایجنٹ امور سیاسی
- General	ایجنٹ جنرل
-, Assistant	اسسٹنٹ ایجنٹ جنرل
- of the Government of India	حکومت ہند کا ایجنٹ
- Provocateur	اشتعال کار
- to the President (N.E.F.A.)	صدر کا ایجنٹ
Aggrandize	اقتدار کی توسیع کرنا

Aggrandizement	توسیع اقتدار
Aggrandizer	توسیع اقتدار کرنے والا
Aggression	جارحیت
Aggressive	جارحانہ
- War	جارحانہ جنگ
Aggressor	جارح / حملہ آور
Aggrieved	دکھی / ضرر رسیدہ
Agitation	ایجی ٹیشن
Agora	اگورا (قدیم یونان میں جلسہ گاہ یا بازار)
Agrarian	زرعی
- Laws	زرعی قوانین
Agrarians	زرعی اصلاح کے حامی
Agreation	مکرر منظوری
Agreement	سمجھوتہ۔ اقرار نامہ
Agricultural revolution	زرعی انقلاب
- stage	زرعی منزل / زرعی دور
Agriculture, hoe	کدال کھیتی
-, plough	ہل کھیتی
-, rites of	زرعی رسومات
Agrionia	ایگری اونیا (قدیم یونان کا ایک تہوار)
Agrofacts	آلات زراعت
Agroteras thusia	ایگروٹیرس تھوسیہ (قدیم یونان کا تہوار)
aid	امداد
Aide-de-camp	اے۔ ڈی۔ سی
-memoire	یادداشت
Air Adviser	مشیر فضائیہ
- attache	اتاشی فضائیہ

- base	فضائی مرکز / اڈہ
Aircraft, civil	سول ہوائی جہاز
-, foreign	غیر ملکی ہوائی جہاز
-, military	فوجی ہوائی جہاز
-, nationality of	ہوائی جہاز کی قومیت
-, neutral	غیر جانبدار ملک کا ہوائی جہاز
-, non-military	غیر فوجی ہوائی جہاز
-, private	نجی ہوائی جہاز
-, state	سرکاری ہوائی جہاز
Air jurisdiction	فضائی دائرہ اختیار
- pact	فضائی معاہدہ
- passage	فضائی گزرگاہ / راستہ
- space	فضائی حد
- transport	فضائی نقل و حمل
- Warfare	فضائی جنگ
Aisle Vaulting (Archi)	قوسی چھت / بغلی راستے کی قوسی چھت
Akkadian	اکادی (زبان / تہذیب وغیرہ)
Alabaster	سنگ جراحت
- cup	سنگ جراحت کا پیالہ
Alarmist	دہشت پھیلانے والا / دلانے والا
Alb	سفید چغہ
Album	البم (لوح جس پر رومی احکام کندہ کیے جاتے تھے)
Alcabala	اسپین کا ایک مخصوص (دس فی صد) بجری ٹیکس
Alderman	ایلڈرمین
Aleut	الوشی / الاسکا کے قریب الوشی جزیرہ کا باشندہ
Algeciras conference	ایلجی سیراس کانفرنس
Alien	بدیسی ۔ غیر ملکی

Alienability	انتقال پذیری
Alienable	قابل علیحدگی / قابل انتقال
Alienation	بیگانگی / انتقال حقیقت / الگاد
Alien Enemy	بدیسی دشمن
Allegation	الزام / اتہام
Allegiance	وفاداری
Alley, Covered	چھتا (ڈھکا ہوا راستہ)
Alliance	اتحاد
-,Axis	محوری اتحاد
-,defensive	مدافعانہ اتحاد / دفاعی اتحاد
-,-and offensive	مدافعانہ و مجادلانہ اتحاد
-,Dual (between Austria-Hungary & Germany against Russia; October 7, 1879)	دوگانہ اتحاد
-,Holy	مقدس اتحاد
-,quintuple	پنجگانہ اتحاد
-,Subsidiary	عہد معاونت
- System, subsidiary	نظام معاونت
-,triple (between (I) England, Sweden & Netherlands 1668 (2) France, Great Britain & Netherlands 1717.	سہ گانہ اتحاد
Allied	اتحادی
- and associated powers	اتحادی اور شریک طاقتیں
- Comissioner	اتحادی کمشنر
- control Commission	اتحادی کنٹرول کمیشن
- Committee	اتحادی کمیٹی
- High Commission	اتحادی ہائی کمیشن

- Nations	اتحادی قومیں
- Power Commission	اتحادی طاقتیں کمیشن
- powers	اتحادی طاقتیں
Allowance	بھتہ
Ally.	حلیف
Almanac,clog	چوبی جنتری
Alphitomancy	جَو کے دانوں سے پیشن گوئی
Alphorn	ایلپہورن۔ ایک قسم کا بارہ سنگھا
Altar (Christianity)	قربان گاہ
- bread (Christianity)	قربانی روٹی (عیسائی مذہب)
- mound	قربانی ٹیلا
- slab	قربانی سل
- stair	قربانی زینہ
- stead	قربانی کی جگہ
- stone	قربانی کا پتھر
-tomb	قربان گاہ مقبرہ / قربانی مقبرہ
-alternate	متبادل
-interpretation	متبادل تشریح / متبادل ترجمانی
-representative	متبادل نمائندہ
Altis (Greek)	آلٹس (یونانی)
Amalgamation	آمیزش۔ ضم ہونا
Amazon (Gr.Mythol.)	قلماقنی۔ ترکن۔ ایشائے کوچک کی عورتیں (یونانی)
Ambassador	سفیر
-Extraordinary and Plenipotentiary	سفیر غیر معمولی / با اختیار کُلی
Ambassadress (a female Ambassador)	سفیرہ

Amendment	ترمیم
Amercement	نقد جرمانہ
American Federation of Labour	امریکی لیبر فیڈریشن۔ امریکی مزدوروں کا وفاق
Americanism	امریکیت
Amirate	امارت
Amity	دوستی
Amnesty	عام معافی
Amour-propre	خودداری
Amphictyonic Council (Ancient Greek)	ایمفک ٹیونک کونسل۔ یونانی نمائندوں کی کونسل
Amphidromia	قدیم یونانی رسم
Amphi theatre	تماشہ گاہ (رومی)
amphora	دو ہتھی صراحی
ampulla	تونبی (قدیم روم)
Amratianfigurine	چھوٹی امراتی مورتی
Amri Nal groups(of Pottery)	امری نال وضع کے برتن
-style	امری نال وضع
Amulet	تعویذ
-Cranial	سر کا تعویذ
-seal	تعویذی مہر
Anabaptist	فرقہ عیسائیوں کا
analysis, site (Archaeological)	موقع کا تجزیہ
Analyst	تجزیہ کار
Anarchism	نراجیت
Anarchist	نراجی

Anarchy	نراج
Ancillary	ذیلی
-accommodation	ذیلی رہائش گاہ
Anepigraphic(Without an inscription)	بے کتبہ
Angakok	ایسکیمو پادری ۔ انگ کوک
Angang	انگانگ ۔ ایک قدیمی شگون
Angary (I.L.) a right of a belligerent in case of necessity to seize or destroy property of neutrals.)	انگری
Angelology	ملکیات
Angra Mainyu	ارواح خبیثہ (پارسی مذہب)
Anhistoric(without a date)	بے تاریخ
animal, mythical	اساطیری جانور
-, sacred	مقدس جانور
-cult	حیوان پرستی کا مسلک
-worship	حیوان پرستی
Animatism	مظاہر پرستی
Animism (Anthropology)	جان پرستی
animistic stage	جانور پرستی کا دور
Animo furandi(IL) (intent to plunder)	لوٹنے کا ارادہ
Ankh(old Egyptian)	علامت حیات
Annalist	وقائع نگار
Annals	وقائع
Annex	جبری الحاق کرنا
-(Territory)	جبری الحاق (علاقے کا)

Annexation	جبری الحاق
Annexationist	الحاق کا حامی
Annexed territory	ملحقہ علاقہ
Annexer	الحاق کرنے والا
Annexure	ضمیمہ
-(Papers)	منسلکات
annotation	حواشی لکھنا
Annuity	سالیانہ
Anschluss	آن شلوس (آسٹریا کا جرمنی سے الحاق مارچ ۱۹۳۸ء)
Antecedents	سابقات
Antechamber	پیش دالان
Antedate	پہلے کی تاریخ لگانا
Antediluvian	ماقبل طوفان نوح
Antennae shaped hilt	دوسینگی موٹھ
Antonnal sword	دوسینگی تلوار
Anthesteria	جشن بہاراں (قدیم یونان)
Anthroarchaeologist	انسانی آثار قدیمہ کا ماہر
anthropomorph	انسانی شکل کا
Anthropomorphic (=Anthropomorphical)	انسانی شکل والا
Anticlericalism	پادریت دشمنی
Anti Clerical Legislation	ردپادریت قانون
-imperialist	سامراج دشمن
antimony rod	سرمہ کی سلائی
anti-national	قوم دشمن
-nationalism	قوم دشمنی
Antiquarian	ماہر آثاریات

Antiquarianism	آثاریات
Antiquities	آثار قدیمہ
Antiquity	عہد پارینہ
Anti-Semitism	یہود دشمنی
Antler pick	سینگ نما کدال
-sleeve (Archaeol.)	ایک قسم کی نلکی / ٹیوب
Anubis	اینوبس (قدیم مصری دیوتا)
Anvil	نہائی
Anyang	این یانگ (چین کے کانسے کے دور کی تہذیب کا علاقہ)
Anzus Pact (between Australia, New Zealand & U.S.A.)	اینزز معاہدہ
Aornarssuk	اے اورنرسک (اسکیمو دیوتا)
Apadana	اپادانہ۔ (محل کا بڑا ہال) (قدیم ایران)
Apartheid	نسلی امتیاز (جنوبی افریقہ)
Apepi	اے پی پی (قدیم مصری دیو مالا میں مذکور سانپ)
Aphrodite (Gr. Mythol.)	اے فروڈائٹ۔ حسن وعشق کی دیوی (یونانی دیو مالا)
Apis	اے پس (مقدس سانڈ) (قدیم مصری دیو مالا)
Apocrisiary (an official of the pope)	اے پوکری سیری (ایک پاپائی افسر)
Apologetics	عذریات (مذہبی)
Apostolic Inter-nuncio	اپوس ٹولک انٹرننسی او (پوپ کا سفارتی افسر)
Apotheosis	تقدیس (دیوتا بنانا)۔ تحریم
Apotropaism	ادجھائی۔ رسم دفع بلیات
Appanage	وثیقہ۔ جاگیر۔ باج گذار علاقہ

Apparentment(a system of voting introduced in France in 1951.)	ایارانت ما۔ فرانس کا طریقہ رائے دہندگی (جو ۱۹۵۱ء میں رائج کیا گیا)
Appeasement	راضی رکھنا۔ راضی کرنا۔ خوشنودی
appendage	ملحقہ / مشمولہ
appendix	ضمیمہ
applicable	قابل اطلاق / موزوں
Applied Political Science	اطلاقی سیاسیات
appliquė	اپلیکے / چسپاں کاری
Appraisal	آنکنا / جانچنا / جائزہ لینا / تشخیص
Appropriation	تصرف
-Bill	تصرفی بل
appurtenance	سازوسامان / لوازمات / اثاثہ / ملحقہ
Apse	ایپس (گنبد نما چھت)
Aquaduct	پکی نہر / پختہ نہر
Arabesque	گل کاری / طغرائی
Aralu	آرالو (چاہ بابل)
Arbiter	حکم
Arbitral award	حکمی فیصلہ
Arbitrament	ثالثی / ثالثی حکم کا حق فیصلہ
Arbitration	ثالثی
-Tribunal	ثالثی ٹرائی بیونل
Arbitrator	ثالث
Arboreal theory	نظریۂ اشجار
Arcade	چھت
Arch	محراب
Archaeolatry	آثار پرستی

Archaeolithic	پرانا پتھر کا زمانہ
Archaeological	آثاری
-time	آثاری زمانہ
Archaeologist	ماہر آثار قدیمہ
Archaeology	علم آثار قدیمہ
Archaeomagnetism	آثاری مقناطیسیت
Arhaic smile	آثاری تبسم۔ قدیم یونان میں بتوں کی مسکراہٹ کی کیفیت
Archaist	قدامت پرست / محقق سلف / ماہر اشیائے قدیمہ
Archanthropic	آثاری انسان سے متعلق
Archbishop	آرچ بشپ / لاٹ پادری
archbishopric	لاٹ پادری کی جائے رہائش / لاٹ پادری کا حلقہ
Arched Construction	محرابی تعمیر
Archeion	آرکی آن (قدیم یونان میں فوجداری عدالت کا کمرہ)
Archelaus	آرکی لوس۔ حکمران (قدیم یونان)
Architectural remains	آثار فن تعمیر۔ باقیات فن تعمیر
Architrave	محراب کے بیرونی نقش و نگار۔ مرغول
Archival holdings	محافظ خانے کا اثاثہ
Archives	محافظ خانہ
-series	سلسلہ دستاویزات قدیم
Archlintel	محرابی لنٹل / محرابی سردل
-bracket	محرابی بریکٹ
Archon	آرکن۔ نو حکمران مجسٹریٹوں میں سے ایک (قدیم یونان کے)
-Aponymos	آرکن اپانی موس (قدیم یونان کا شحنہ)
-Basileus (=King Archon)	آرکن بے سی لیس (قدیم یونان کا شحنہ) (میر شحنہ)
-Polemarchos	آرکن پولی مارکوس (قدیم یونان کا شحنہ)
Archpriest	صدر پادری / آرچ پریسٹ

Arch-Type(Adj.) — محرابی

Archway (Arch.) — محرابی دروازہ

Archwindow(Arch.) — محرابی دریچہ

Arctic Mongol — آرکٹک منگول

Ard (Arch.) — کُدالی

-,Crook — خم دار کدالی

-,Spade — بھاوڑا کدالی

Area, Age — رقبہ دور

-,excavation — کھدائی کا رقبہ

-,habitation — رہائشی علاقہ

- of conflict — دائرہ نزاع

--isolation — علیحدگی کا علاقہ

--Peace — دارلامن / دائرۂ امن / امن کا علاقہ

Argaric Burial Jar (Arch.) — آرگری تابوتی مرتبان

Aristocracy — اشرافیہ/ارسٹوکریسی / اشرافی حکومت

Aristocrat — رکن اشرافیہ / اشرافی ۔ ارسٹوکریٹ

Armament — اسلحہ بندی / اسلحہ

-,Competitive — مسابقتی اسلحہ بندی

-,conventional — روایتی اسلحہ بندی / روایتی اسلحہ

-,Limitation of — تحدید اسلحہ بندی

-,naval — بحری اسلحہ

-,Reduction of — تخفیف اسلحہ

-,Regulation of — انضباط اسلحہ

Armed action — مسلح کارروائی / فوجی کارروائی

-Attack — مسلح حملہ / فوجی حملہ

-Conflict — مسلح تصادم / فوجی تصادم

-Contest — مسلح مقابلہ / فوجی مقابلہ

-Forces	مسلح افواج
-insurrection	مسلح بغاوت
-Intervention	مسلح مداخلت
-merchantman	مسلح بار بردار جہاز
-neutrality	مسلح غیر جانبداری
-Peace	مسلح امن - اسلحہ بند امن
-ship (=Armed vessel)	مسلح جہاز
Armistice	التوائے جنگ
-,General	عام التوائے جنگ
-,Local	مقامی التوائے جنگ
-,Partial	جزوی التوائے جنگ
Arms Race	اسلحی مقابلہ / اسلحی دوڑ
- Traffic	ناجائز تجارت اسلحہ
Army, irregular	غیر رسمی فوج
-,Regular	باضابطہ فوج
-,Standing	مستقل فوج
-of occupation	قابض فوج
Arrested Vessel	گرفتارشدہ جہاز
Arresting Vessel	گرفتار کرنے والا جہاز
Arrest of vessel	جہاز گرفتاری
Arret de reglement	پارلیمانی فیصلہ (فرانس)
Arrondissement	ایرن ڈائس ماں (فرانس کا انتظامی حلقہ)
Arrow, Chisel shaped	چھینی کی شکل کا تیر / چھینی نما تیر
-,irontipped	آہنی انی والا تیر / لوہے کی انی والا تیر
-,lop-sided	خمیدہ تیر / ٹیڑھا تیر
-,Rhomboid	آڑا تیر
-,Transverse	چوڑا تیر

-,Triangular	تکونا تیر / سہ تیر
-Butt	تیر کا ہتھ / دستہ
Arrowhead, hollow based	پولی انی کا تیر
-,Leaf shaped	پتی کی شکل کی انی
Arrow slit	تیر کی درز
arsenal	اسلحہ خانہ / سلح خانہ
Art, biomorphic	ذی روحی فن
-,cave	غاری مصوری
-,cycladic	سائکلیڈی فن (قدیم یونانی)
-,Geometrical	اقلیدسی آرٹ
Article	آرٹیکل / دفعہ
Articles of war (the code of rules and regulations for the government of the army including navy; U.K. & U.S.A.)	ضوابط فوج
Artifact (Arch)	مصنوعات
Artificial Accretion (of territory)	ارادی اضافہ (آراضی۔علاقہ)
Artisan	کاریگر / دست کار
Artist	فن کار۔ آرٹسٹ
Art of Diplomacy	ڈپلومیسی کا فن۔فن سفارت / حکمت عملی
Ascendancy	تسلط / بالادستی / عروج
Ashlar (Architec.)	تراشا ہوا پتھر / سنگ تراشیدہ
Asian Legal Consultative Committee	ایشیائی قانون صلاح کار کمیٹی
-Relations Conference	ایشیائی تعلقات کانفرنس
--Organisation	ایشیائی تعلقات کا ادارہ / تنظیم

Askos (Greek Archio) — تیل کی کپی

Assassins — حشیشین (باطنی فرقہ کے فدائی) قاتل

Assault — دھاوا۔ حملہ۔ چڑھائی

Assay (Numis) — دھات کی پرکھ

Assegati (=Assaigai) — اسے گائی / ایک قسم کا بھالا (جنوبی امریکہ)

Assembly — مجلس۔ اسمبلی

-, Constituent — مجلس دستور ساز۔ دستور ساز اسمبلی مجلس آئین ساز

-, Legislative — مجلس قانون ساز۔ قانون ساز اسمبلی

Assent — منظوری

Assignat — اسگنات۔ کاغذی سکہ (انقلاب فرانس)

Assignment — تفویض کار / تفویض / کارِمفوضہ

Assimilation — انجذاب

Assistant — اسسٹنٹ۔ مددگار

Assisted emigration Scheme — امدادی ترک وطن اسکیم

-medical scheme — امدادی طبی اسکیم

Assize — قانون

-of Arms — حسب حیثیت اسلحہ رکھنے کا قانون (برطانیہ)

Assizes (These are courts above the 'Court of quarter Sessions and are called assizes because they hold their sessions periodically from country to country-GreatBritain) — ایسائز
گشتی عدالت (برطانیہ)

Associated delegate — شریک مندوب / ڈیلی گیٹ

-Powers — مشمولہ طاقتیں

-States — مشمولہ مملکتیں / ریاستیں

Associate Justice — شریک جج

Association — ایسوسی ایشن / انجمن / مجلس

-,Compulsory	لازمی ایسوسی ایشن
-,Voluntary	اختیاری ایسوسی ایشن
-,Political	سیاسی ایسوسی ایشن
-of culture	تہذیبوں کا ارتباط / ربط
-of states	مملکتوں کی انجمن
Asturian	استوریائی (اسپین کے علاقہ استوریا سے متعلق)
Atlantic Charter	اوقیانوسی منشور۔ ایٹلانٹک چارٹر
-Conference	اوقیانوسی کانفرنس / ایٹلانٹک کانفرنس
-Forces	اوقیانوسی فوجیں
-Powers	اوقیانوسی طاقتیں / ایٹلانٹک طاقتیں
-Union	ایٹلانٹک یونین / اوقیانوسی یونین
Atmosphere, territorial	علاقائی فضا
Attache	اتاشی
Attorney- General	اٹارنی جنرل۔ صدر وکیل سرکار
Audi (Arch.)	اودی (چقماقی اوزار قدیم)
Ausglech	آوس گلیک / آسٹریا ہنگری کا باہمی سمجھوتہ ۱۸۶۷ء)
Autarchy	مطلق العنانی / مطلق العنانیہ
Autarky	خودکفالت
Authoritative	اقتداری
Authoritarianism	اقتداریت
Authoritarian State	اقتداری ریاست
Authorities	ارباب اقتدار
Authority	اقتدار۔ مقتدرہ
Autocracy	شخصی حکومت
Autocrat	مطلق العنان
Autonomy	خود مختاری
Autonomous	خود مختار

Auxiliary	ذیلی۔ معاون
Award	فیصلہ / ایوارڈ
-of compensation	معاوضہ دینے کا فیصلہ/معاوضہ ادا کرنے کا فیصلہ
Axe	کلہاڑی / تبر / تیشہ
-,Battle	جنگی کلہاڑی / تبر
-,core	سنگی تیشہ
-,double	دو دھاری کلہاڑی
-,Green stone	سبز پتھر کا تیشہ
-,Hammer	ہتھوڑا کلہاڑی
-,Hand (Oval)	دستی کلہاڑی (بیضادی)
-(Pointed)	دستی کلہاڑی (نوکیلی)
-,Knob-hammer	گھنڈی دار ہتھوڑا کلہاڑی
-,pointed butt	نکیلے کندے والی کلہاڑی
- Sheath	کلہاڑی کا غلاف
Axis Powers	محوری طاقتیں
Azyme	بے خمیر روٹی (عیسائی مذہب)
Azymite	بغیر خمیر کی روٹی کھانے والا (عیسائی مذہب)

B

Bacchanalia	بے کے نیلیا / جشنِ باخوس لا / عید باخوس (قدیم رومی تہوار)
Bachelor house	مجرد گاہ
Backward classes	پس ماندہ طبقے
-Tribes	پس ماندہ قبیلے
Bacteriological Warfare	جراثیمی جنگ
Baghadad Pact (Between Iraq, Turkey, Britain Pakistan & Iran; Signed on 24-1-1950)	معاہدہ بغداد
Bailey	قلعہ کی فصیل۔ صحن زیرِ فصیل۔ حوالات۔ عدالت
Balance of payment	توازنِ ادائیگی
--power	توازنِ طاقت
--Trade	توازنِ تجارت
Balconied Turret	چھجہ دار برج
Balkanization	بلقان کاری / تقسیم / ٹکڑے ٹکڑے کر دینا
Balkan Pact (betwen Greece, Turkey and Yugoslavia; signed on 9-2-1934)	معاہدہ بلقان
Balkan sub-Commission	بلقان ذیلی کمیشن
Ballad	جاربیت (رزمیہ گیت) آلہا
Ballista	منجنیق
Ballistics	منجنقیات

Ballot	رائے دہندگی / بیلٹ / پرچہ رائے دہندگی
-, Secret	پوشیدہ رائے دہندگی
-, Short	شارٹ بیلٹ
-, Voting by	رائے دہندگی بذریعہ بیلٹ
-Act	بیلٹ ایکٹ
-age	مکرر رائے دہندگی / دوسرا انتخاب (فرانسیسی طریقہ)
-box	بیلٹ بکس
Bamboo Curtain	بانسی پردہ
Bandung Conference	باندنگ کانفرنس
Bank of International Settlement	بین الاقوامی ادائیگی بینک
Barbarian	بربری۔ وحشی
Barbarism	بربریت
Barbarization	بربرکاری (تخریب کاری۔ تہذیب یا زبان کی)
Barbed bone	کٹیلی ہڈی
-Harpoon	- خاردار ہارپون۔ کٹیلا ہارپون
Barbican (Arch.)	باربی کن / فصیل کا دوہرا مینار
Barbotine (Arch. (Paste of Clay used in Decorating pottery).	باربوٹین / برتنوں کی آرائش کے لیے چکنی مٹی کا لیپ
Bard	بھاٹ
Bardic tale	بھاٹی داستان
Bark canoe	چھال ڈونگی
-Raft	چھال بیڑا
Barn	کھلیان۔ خرمن
-Burner	خرمن سوز
-dance	کھلیان ناچ / رقص خرمن

Baron	بیرن (انگلستان میں امرا کا سب سے نیچا طبقہ)
Baroness	بیرنس (خاتون) خاتون بیرن - بیرن کی بیوی
Barrel-shaped	مردنگ نما
-bead	مردنگی منکا
Baseline	بنیادی خط / فوجی صدر کیمپ
Basic Democracy	بنیادی جمہوریت
Basilica	باسلیق (گرجا کا ہال)
Bas relief (Sculpt)	ہلکی منبت کاری
Bastille (=Bastila)	بیسٹیل / جیل خانہ (فرانس)
Battery	توپ خانہ
Battle-Array	جنگی صف آرائی
-Call	صلائے جنگ
-cry	نعرۂ جنگ
-din	غوغائے جنگ
-hymn	دعائے نصرت (میدان جنگ میں)
battlement	کنگورا
Battlemented wall	کنگورے دار فصیل
Battle of arguments	مناظرہ
Beacon tower	روشنی کا مینار
Beaker grave	بیکر قبر (بیکر تہذیب)
Bearer of despatches	مراسلہ بردار
Beehive hut (Pre. Hist)	چھتہ نما جھونپڑی
-Shrine	چھتہ نما زیارت گاہ
-Tomb	چھتہ نما قبر
Beggars of the sea	بحری بھکاری (ڈچ / ولندیزی تاریخ)

(Dutch seamen who fought against the Spanish during the war of Liberation 1568-76)

Bela	بیلا (صحرا اعظم کا ایک خانہ بدوش قبیلہ)
Belligerency	محاربت
-, automatic	خود کار محاربت
Belligerent	محارب
-, accessory	معاون محارب
-, principal	اصل محارب
Benefice	مدد معاش (کلیسائی)
Benelux (Belgium, Netherland & Luxemburg)	بینلکس ریاستیں
Benevolent despot	رعایا پرور مطلق العنان حکمران
-neutrality	خیر طلب غیر جانبداری
Bent-bar-coin	مڑی ہوئی سلاخ کے سکے
Berlin Decree	برلن ڈگری / برلن اعلامیہ
Bibliography	کتابیات
Bicameral	دو ایوانی
Bicameralism	دو ایوانیت
Bi-Cameral legislature	دو ایوانی مقننہ
Bicone	دو مخروطہ
Biennial	دو سالہ
Big Stick Diplomacy	ڈنڈھ ڈپلومیسی / لاٹھی ڈپلومیسی
Bilateral	دو فریقی
-Treaty	دو فریقی معاہدہ
Bilateralism	دو فریقیت
Bilingual inscription	دو لسانی کتبہ
Bill	بل۔ مسودہ قانون
-of Attainder (one introduced in the Eng. Par-	بل آف اٹینڈر (تاریخ انگلستان)

liament, First, in 1459 for detaining anyone without a judicial trial).

--health	صحت نامہ (جہاز کے مسافروں کا)
--Human Rights	حقوق انسانی کا بل
--lading	جہازی لدان کی بلٹی
--Rights (Eng. Hist.)(Year 1689)	بل آف رائٹس (تاریخ انگلستان)
Binding adjudication	واجب التعمیل تصفیہ
-force	جوڑنے والی قوت / متحد کرنے والی قوت
Biological warfare	جراثیمی جنگ
Bipartisan foreign policy	دو جماعتی خارجہ پالیسی
Birch bark	بھوج پتر
Bird, fire (Mythol.)	اگنی پکشی / طائر آتشیں ۔ ققنس
Birth Stories (Buddhist)	جاتک کتھا (بدھ مت)
Bizonal	دو منطقہ / دو منطقائی
Bizonia (Combined British-American Zones of occupation in Germany.)	بائی زونیا
Black and Tan	بلیک اینڈ ٹین سپاہی (آئرلینڈ کا سپاہی ۱۹۱۹ تا ۱۹۲۱)
-Birding (illegal importation of slaves)	بلیک برڈنگ (غلاموں کی غیر قانونی درآمد)
-Death	بلیک ڈیتھ (وبائے طاعون) (انگریزی تاریخ)
-Hole	بلیک ہول / کال کوٹھری
-List	سیاہ فہرست / بلیک لسٹ
-magic	کالا جادو / عمل سفلی

-mail	بلیک میل
-market	چور بازار
-Muslims	بلیک مسلم، کالے مسلمان / امریکہ کے کالے مسلمان
-shirt	بلیک شرٹ (اٹلی کی فاسسٹ پارٹی کا ممبر)
-topped (Ware)	سیاہ بالائی حصے والے برتن
Bladder dart	تھیلی دار تیر
Blade	پھل
-,Fish tailed	ماہی دُم پھل
-,swallow tailed	ابابیل دُم پھل
-tools	پھل دار اوزار
Blemmyes	بلےمس (افریقہ کی ایک خیالی ذات جس کا ذکر رومن مصنفوں نے کیا)
Blitzkrieg	بلٹزکریگ / طوفانی حملہ (دوسری جنگ عظیم میں جرمنی کا اختیار کیا ہوا طریقہ)
Bloc (=block)	بلاک / دل
Blockade	ناکہ بندی
-,commercial	تجارتی ناکہ بندی
-,naval	بحری ناکہ بندی
-,outward	باہر جانے کی ناکہ بندی
-,strategic	اسٹراٹیجی ناکہ بندی
-,universal	عالمگیر ناکہ بندی
-by aircraft	فضائی ناکہ بندی / ہوائی ناکہ بندی
-runner	ناکہ بندی توڑ
-running vessel	ناکہ بندی توڑ جہاز
Bloodless Revolution (Glorious Revolution; Year 1688)(Eng. Hist.)	غیرخونی انقلاب (شاندار انقلاب)
Blood purge	اخراج بالقتل

--,Nazi(1934)	نازیوں کا اخراج بالقتل
Bloodwite	خوں بہا
Bloody Assizes (Year 1685)(Eng. Hist.)	بلڈی اسے سائسزیز / خونی عدالت (۱۶۸۵) تاریخ انگلستان
Blue Print	خاکہ
-Shirt (A member of the nationalist Party in Italy after WorldWar I)	بلیوشرٹ (پہلی جنگ عظیم کے بعد اٹلی کی نشنلسٹ پارٹی کا ممبر
Board	بورڈ
-,District	ڈسٹرکٹ بورڈ
-,Drug Supervisory	بورڈ نگرانی ادویات
-,Local	مقامی بورڈ / لوکل بورڈ
-,municipal	میونسپل بورڈ
-,Permanent Central opium	مستقل مرکزی افیون بورڈ
-,Technical Assistance	تکنیکی امداد کا بورڈ
-of Conciliators	صلح کاروں کا بورڈ
-,Control (under Pitt's India Act, 1784)	بورڈ آف کنٹرول (انڈیا ایکٹ ۱۷۸۴ء کے تحت)
Body	جماعت
-Corporate	جماعت بمنزلہ فرد
-guard	باڈی گارڈ
-of individuals	جماعت افراد
--Principles	اصولوں کا مجموعہ
Bolshevik	بالشوک
Bolsheviki	بالشوکی
Bolshevism	بالشویت
Bombardment	بمباری

Bon	بان (تبت کا قدیم مذہب)
Bonafide (Adj.)	نیک نیتی سے / کھرا
Bonafides	نیک نیتی
Bonafide Transaction	معاملات صحیح۔ کھرا معاملہ
Bonded servant	رہنی ملازم
Bone pot	ہڈی کا برتن
Boni	بونی (پوربی افریقیوں کی قدیم نسل)
Book of the Dead	صحیفہ متوفیان (قدیم مصر)
Boom	گرم بازاری
Boomerang	بوم رینگ (آسٹریلیا کے قدیم باشندوں کا ہتھیار) اُلٹا پڑنا
Booth, polling	پولنگ بوتھ
Bootlegging	بوٹ لیگنگ (شراب کی ناجائز تجارت)
Booty	مال غنیمت
Bordar (Self)	بورڈار۔ چاکر (جھونپڑی کے بدلے ادنیٰ خدمت کرنے والا کسان
Border	سرحد / حاشیہ
Bos	گاؤ
-,brachyceros (Pre. Hist.)	گاؤ بریکی سیروس
-indicus (Pre. Hist.)	گاؤ ہندی
-nomadicus (Pre. Hist.)	گاؤ آوارہ
-primiqeniu s(Pre-Hist.)	گاؤ قدیم
Boundary	حد۔ سرحد
-,Artificial	مصنوعی سرحد
-,Natural	قدرتی سرحد
-Commission	سرحدی کمیشن
-Dispute	سرحدی تنازعہ
-Sign	سرحدی نشان
--,Artificial	مصنوعی سرحد کا نشان

--, natural	قدرتی سرحد کا نشان
-treaty	سرحدی معاہدہ
-waters	آبی سرحد
Bourbon	بوربان
Bourgeois democracy	بورژوائی جمہوریت
Boustrophedon	خط مارین
Bow, Compound	جڑواں کمان
Bowdrill (Pre. Hist.)	کمانی دار برما
Boyar,	بویار۔ بڑا زمیندار (دور متوسط کے روس کا بڑا زمیندار)
Boycott	بائی کاٹ
Brain drain	فرار دانش
-trust	حلقۂ دانش
-washing	ذہن شوئی (ذہن بدل دینا)
Branding (of horses)	داغ / داغنا (گھوڑوں کا)
Breach	توڑنا خلاف ورزی
-of Law	قانون شکنی
--blockade	ناکہ بندی توڑنا
--peace	امن شکنی
--Treaty	معاہدہ شکنی
Bread colonies (U.S.A.)	کثرت سے غلہ پیدا کرنے والے علاقے (امریکہ)
Break down of constitution	تعطل دستور
-Water	پشتہ
Brideprice	زر عروس
Brief	ہدایت۔ وکالت
Brigandage	رہزنی۔ راہ زنی
Broad-sword	تیغہ

Brocade	زربفت
Broch	براک (اسکاٹ لینڈ کا اسٹوپ)
Brokenhill Skull (Rhodesia)	بروکن ہل اسکل / بروکن ہل کی کھوپڑی روڈیشیا کا ایک مقام
Bronze Figure	کانسہ کی مورتی
Bronzes	کانسہ کی مورتیاں
Brown shirts (=nazis)	براؤن شرٹ پارٹی (نازی)
Brussels Treaty Organisation (Western European Union)	بروسیلیز تنظیم معاہدہ
Bubble level	بن سال
Buckle	بکسوا
Budget	بجٹ ۔ میزانیہ
Budgetary powers	اختیارات بابت میزانیہ ۔ اختیارات بجٹ
Buffer State	بفراسٹیٹ ۔ فاصل ریاست
Bukranium	گومکھ
Bulging bottom	اُبھری پیندی
Bull	بل / پوپ کا فرمان / فرمان رساں
Bulla (Ancient Rome)	بُلا / تعویذ آویزاں
Bull Capital	نرگاؤ کی شکل کا سر / ستون پر نرگاؤ کی شبیہ
Bulletin	بلیٹن / خبرنامہ
Bullpottery	گاؤ تصویری برتن (برتن جن پر بیلوں کی شکل بنی ہو)
-Roarer (A slate of wood tied to the end of a thong, so called be cause whirling the slate causes an intermittent roaring used by the Australian Aborigines.)	ڈرو

Bull's head ornament.	گاؤسری زیور
-Worship	گاؤ پرستی
Bundesrat	بُندیس راٹ (جرمنی کا ایوان بالا)
Bundestaat (A federation is a single state with a single sovereignty. It is a 'Bundestaat' i.e. a banded state as opposed to a band of states with plurality of sovereignties.)	بُندیس ٹاٹ (جرمن وفاقیہ)
Bureau	دفتر، بیورو
-, Employment	روزگار دفتر
-, Intelligence	سراغ رسانی کا دفتر
Bureaucracy	دفتر شاہی / بیورو کریسی
Bureaucrat	بیورو کریٹ / ضابطہ پسند حاکم
Bureau of Documents.	دفتر دستاویزات
--Personnel	دفتر عملہ
Burgess	شہر کا نمائندہ
Burial	تدفین
-, bundle (Pre- Hist.)	مجموعہ استخوان کی تدفین
-, Chariot " "	رتھ سمیت تدفین
-. Contracted " "	تنگ جگہ میں تدفین، مُردے کو سکیڑ کر دفن کرنا
-, crossroads " "	چوراہے پر تدفین
-, flexed " "	موڑ کر دفن کرنا
-, Fractional " "	جزوی تدفین
-, niche	طاق میں تدفین
-deposits (Pre. Hist.)	تدفینی آثار

-ground (=burial place)	قبرستان
-jar (Pre. Hist.)	تدفینی مٹکا
-mound " "	تدفینی ٹیلہ۔ قبروں کا ٹیلہ
-place	قبرستان
-practice	تدفینی رواج
-rites	تدفینی رسوم
-service	تدفینی دعا
-urn	تدفینی کلش
-vault	تدفینی کوٹھری
-Yard	قبرستان
Bushman.	بش مین (جھاڑیوں رہنے والا ؛ افریقہ)
Bust	نیم مجسمہ
Button seal	بٹن کی مہر۔ بٹن کا سکہ
Buttress	پشتہ
Bye-election (=by election)	ضمنی انتخاب
By-law	ذیلی قانون
Byssus	بائی سس۔ ممی کی چادر
Byzantine	بازنطینی
-Cathedral	بازنطینی صدر کلیسا

C

Cabal (Eng. Hist.) (1672 year) — کبال (چارلس دوم کے عہد کی مشاورتی مجلس ۱۶۷۲)

Cabinet — کابینہ

-government — کابینی حکومت

Cabiri — کابیری (یونانی مذہب میں دیوتاؤں کی ایک خاص جماعت)

Cabotage — ساحلی تجارت

Cadre — کادر / متعینہ عملہ

Caduceus (ancient Greece & Rome) — عصائے ہرمیز، عصائے نقیب۔ عصائے عطارد

Caesarism — قیصریت

Cahier — کاہئے / کاغذات / کارروائی کی روئداد

Cairn (Pre. Hist.) — سنگورا

-burial — سنگورا دفن

-circle — سنگورا دائرہ

calabaza — کالابازا / تونبی

Caligraphist — خطاط / خوشنویس

Caliph — خلیفہ

Caltrop — گوکھرو

Calvo clause — کیلوو دفعہ
(Purports to make an individual renounce the right which International Law confers, not upon him but upon his

home state of protecting him against treatment which contravenes the rules of International Law)

Camelus dromedarius	سانڈنی
Camera, meeting in	خفیہ میٹنگ / بند اجلاس
camouflage	نظر فریبی
Campanile	مینارِ جرس ۔ گھنٹہ گھر
Camp fire	کیمپ فائر / الاؤ
-follower	پچھلگو ۔ لشکر طفیلی
Camping site	خیمہ گاہ ۔ پڑاؤ کی جگہ
Campus martius	کیمپس مارٹی اس (قدیم روم کا ایک میدان)
Candidate	امیدوار
Candidature	امیدواری
Cangue	شکنجہ چوبی
Cannibalism	مردم خوری
Cannonade	گولہ باری
Cannon fodder	توپ چارہ
-shot rules	توپ ماری کے قاعدے
Canoe	ڈونگی
Canon Law	کلیسائی قانون
Canopic Jar	ڈھکن دار مرتبان
Canopy	چتر / چھتر
canton	کینٹن (سوئٹزرلینڈ کا صوبہ)
Canvasser	کنویسنگ کرنے والا / ہموار کرنے والا
Canvassing (for votes etc.	کنویسنگ
Capacity	صلاحیت ۔ استعداد ۔ گنجائش

Capital	دارالحکومت۔ راجدھانی۔ سرستون۔ سرمایہ
-Account	سرمایہ کا حساب
Capitalism	سرمایہ داری
Capitalist Democracy	سرمایہ دارانہ جمہوریت
Capitalistic imperialism	سرمایہ دارانہ سامراج
Capitation (poll) tax	فی کس محصول
-tax	فی کس ٹیکس۔ نفری ٹیکس
Capitulary	مجموعہ قوانین (خاص طور پر فرنگی بادشاہوں کے)
Capitulation	ہتھیار ڈالنا۔ خصوصی مراعات
Capitulations	دفعات مراعات خصوصی / مراعات خصوصی (دوسری جنگ عظیم سے پہلے چین، ترکی اور مصر میں جو مراعات واختیارات غیر ملکیوں کو حاصل تھے)
Cappadocian seals	کیپاڈوشین مہریں
Capstone	ڈھکنے والا پتھر
Carabinieri	کیرابی نیری (اٹلی میں پولیس کا سپاہی)
Caravan serai	کارواں سرائے
Carbonari	کاربوناری (اٹلی کی خفیہ انقلاب پسند جماعت)
Carbon dating	کاربن ڈیٹنگ (کاربن سے زمانہ تاریخ کا تعین کرنا)
-14 method of dating	زمانہ تاریخ کے تعین کے کاربن ۱۴ کا طریقہ
Cardial pottery	سیپ جیسی دھاریوں والے برتن
Cardinal (One of the ecclesiastical princes who constitutes the pope's council or the college of Cardinals.	۱۔ کارڈینل ۲۔ بنیادی
Career diplomat	پیشہ ور ڈپلومیٹ / کیریر ڈپلومیٹ (محکمہ سفارت کا مستقل ملازم) پیشہ ور سفیر

Caretaker government	نگراں سرکار۔ کام چلاؤ سرکار (وہ سرکار جو عام حالات میں کوئی اصولی فیصلہ نہیں کرسکتی)
Carinated	کوہانی
Carelian	عقیق
-bead	عقیق دانہ
Carpet baggers	کارپٹ بیگزر / قالینی زنبیلے (امریکہ میں خانہ جنگی کے بعد شمالی نوآبادیات سے جنوبی نوآبادیات میں نجی فائدے کی غرض سے جانے والے لوگ جو عموماً قالین کے تھیلوں میں اپنا اسباب لے جاتے تھے)
Cartel (Agreement for exchange of prisoners etc.)	کارٹیل (کارخانے کے ملکوں کا گٹھ جوڑ / قیدیوں کے تبادلہ کا معاہدہ)
-Ship	قیدیوں کا جہاز
Carving	نقاشی
-, rock	چٹانوں پر نقاشی
-, wood	چوبی نقاشی
-in relief	ابھری نقاشی
Caryatid (a draped female figure supporting an entablature)	ستون پری (عورت کی مورتی جو ستون کا کام دے)
Casemate	کمانچہ (فریم جو کھڑکی کا کام دے)
Cashel	کیشل۔ کلیسا کی چہار دیواری
Casket	صندوقچہ
Caspiae portae (=caspian gates) (an old name of the defile of Derbent near the Caspian sea. It has long been a trade route.)	بابِ کیپسی

Cassok — چست چغہ

Casteism — جاتی واد۔ ذات پات کی بنا پر امتیاز۔ ذات پات کی جنبہ داری

Caste system — ذات پات نظام

Cast in die (numis.) — ٹھپے میں ڈھالنا

Casting — ڈھالنا / ڈالنا

-vote — صدر کا فیصلہ کن ووٹ۔ کاسٹنگ ووٹ

Castra — کیسٹرا۔ رومن کیمپ

Casus belli (an act committed by one country against another country as to justify war.) — وجہ جواز جنگ

-foederis (a case contemplated by the treaty of alliance) — کاسس فیڈریس (اتحادی صلح نامہ کے مدنظر معاملہ)

Cataclysm — سانحہ عظیم

Catacomb — زمین دوز قبرستان

Catapult — منجنیق / گوپھن

Catastrophism — عقیدہ آشوبیت۔ عقیدہ ہلاکت

Castastrophist — عقیدہ آشوبیت کا قائل۔ آشوبی

Catch-stitch (Archives.) — سلائی گرہ

Catchword — چلتا فقرہ / نعرہ

Catechism — کیٹےکزم (سوال و جواب کے ذریعہ تعلیم خصوصاً مذہبی)

Cathedral — بڑا گرجا۔ جامع گرجا

Catholic Emancipation Act (Eng.Hist.)(year 1829); — کیتھولک آزادی ایکٹ (۱۸۲۹ تاریخ انگلستان)

-, Epistles — یوحنا کے خطوط

Catholicism — وسیع مشربی۔ کیتھولک مذہب

Catholic Leagues (year 1524, 1530,1609)	کیتھولک لیگ
Cato street conspiracy (year 1820)	کیٹو اسٹریٹ سازش
Caucaso-Persian style (of architecture)	قفقازی ایرانی وضع (طرز تعمیر)
Caudillo	کاڈیلو (لاطینی امریکی ممالک میں فوجی افسر)
Causeway	سنگ بستہ راستہ
Cavalier	کیویلیر
-Parliament (Eng.Hist.) (year 1661-1679)	کیویلیر پارلیمنٹ
Cave, rock-cut	چٹانی غار
-art	غاری فن
Caveat	انتباہی حکم / امتناعی حکم
Cave dedication	غار کا انتساب
-Dwelling	غاری رہائش گاہ
-Habitation	غاری رہائش
-man	غاری انسان
-Shrine	غاری عبادت گاہ۔ غاری زیارت گاہ
-Site	غاروں کا مقام ۔ غاری مقام
-Temple	غاری مندر
-Tomb	غاری قبر
-Ware	غاری برتن
Cavo relievo (-hollow relief)	کاوو ریلیو۔ گہری منبت کاری (وہ اُبھرا نقش جو سطح کو کھود کر بنایا جائے لیکن حاشیہ کی سطح میں ہو)
Cease-fire	جنگ بندی
Cede	حوالہ کرنا / واگزار کرنا

Ceding state	واگزار ریاست
Celadon ware	کاہی رنگ کے برتن
Cell	حجرہ / کوٹھری
Cella	گربھ گرہ
Cellar	تہ خانہ
Celt	قدیمی کلہاڑی
Celtic race.	کیلٹک نسل
Cemetry, Damb Buthi (Damb Buthi-Prehistoric site in Sind.)	دنب بوتھی قبرستان (سندھ کا ماقبل تاریخ مقام)
-, Jiwauri (Jiwauri-a prehistoric site in S. Baluchistan)	جیوری قبرستان
-, Prehistoric	ماقبل تاریخی قبرستان
-, Shahitump (Shahitump-a prehistoric site in S. Iran.)	شاہی تمپ قبرستان
-, Zangian-(a prehistoric site in S. Baluchistan)	زین گین قبرستان (جنوبی بلوچستان کی ایک ماقبل تاریخ جگہ)
Cenotaph	چھتری علامتی مقبرہ
Cenozoic Era	نوحیاتی دور
Censer	عود دان
Censor	سنسر محتسب. قدیم رومی مجسٹریٹ. سنسر کرنا
Censorship	عہدہ احتساب / سنسر کاری
Censure	مذمت کرنا
-, vote of	تجویز مذمت
-motion	تحریک مذمت
Census	مردم شماری
Centaur(Mythol)	قنطورس (ایک اساطیری جانور جو نصف انسان نصف گھوڑا تھا)
Central Cypher Bureau	مرکزی رمز نویسی دفتر

Centralisation	مرکز کے تحت لانا مرکزیت لانا۔مرکزیانا
Central Powers	مرکزی طاقتیں
-Recovery Organisation	مرکزی بازیابی تنظیم۔مرکزی بازیافت تنظیم
Centre	مرکز
Centrifugal (tendencies)	مرکز گریز
Centripetal	مرکز مائل
Centumvir(Rom Hist.)	سینٹیم ویر۔ قدیم رومی عدالت
Centuriation	سو سو میں تقسیم
Centurion	رومی فوجی افسر۔سو سپاہیوں پر افسر۔صد نفری
Ceramics	کوزہ گری۔سفال سازی
Ceraunia (in folklore, stones arrow-heads etc., supposed to have fallen from the sky.)	سیرانیا (آسمانی پتھر وغیرہ۔لوک کہانیوں میں)
Ceremonial	رسمی
-honour	تشریفات
-terrace	جشن کا چبوترہ
Ceremony, investiture	رسم تفویض
-,swearing-in-	حلف اٹھانے کی رسم/رسم حلف برداری
Certificate	سرٹیفیکٹ
-,destruction	تلف کرنے کا سرٹیفیکٹ/تلف نامہ
-of exchange	تبادلہ کا سرٹیفیکٹ/مبادلہ سرٹیفیکٹ
--identity	شناختی سرٹیفیکٹ
--registry	رجسٹری سرٹیفیکٹ
Certiorari, writ of (an order issued by the Supreme Court or High Court either to transfer a law suit from an inferior court to the High	حکم مسل طلبی

Court or to remedy an excess of jurisdiction)

Cess	محصول / ابواب (مغل تاریخ)
Cessation	التوا۔ موقوفی
-of active hostilities	جنگی کارروائیوں کی موقوفی
Cession	واگذاری۔ سپردگی۔ حوالگی
-with compensation	بامعاوضہ حوالگی
-without compensation	بے معاوضہ حوالگی
Chairman	چیئرمین / صدر
-, Executive	منتظم صدر
-of the Council of Ministers	صدر مجلس وزرار
--Presidium of the National Council	صدر پریذیڈیم نیشنل کاؤنسل
Chalcolithic Culture	تانبہ پتھر عہد کی تہذیب
-habitation	تانبہ پتھر عہد کی بستی
Chaldaei (Rom. Hist.) (Oriental fortune-tellers)	کیلڈےآئی / کلدائی جیوتشی
Chalice	جام / پیالہ
Chamber	چیمبر / ایوان
-, lower	ایوان زیریں
-, popular	عوامی ایوان
-, second	ایوان دوم
-, upper	ایوان بالا
Chamberlain	حاجب۔ افسر امیر خانہ داری
- City	خازن شہر۔ شہر کا خزانہ دار
Chamber of Commerce	ایوان تجارت
--Deputies	چیمبر آف ڈیپوٹیز / ایوان نائبین
--Princes.	چیمبر آف پرنسز / ایوان راجگان

--Summary procedure	سرکاری کارروائی کی عدالت
Chamfer	تراشنا۔ خرادنا۔ کنٹل تراشے
Champleve	مینا کاری
Chancel	چانسل (گرجا کا وہ حصہ جو پادریوں کے لیے مخصوص رہتا ہے)
Chancellor	چانسلر
-of Exchequer	وزیر مالیات (برطانیہ)
Chancellory	چانسلری
1. The position, court or department of a chancellor's	۱۔ چانسلر کی عدالت
2. The building or room where a chancellor's office is	۲۔ دیوان عدالت
3. The office of an embassy, consulate or the like	۳۔ سفارت خانہ
Chancery	چانسری
-letter	چانسری مراسلہ
Chandelier	جھاڑ / فانوس
channel spout	پرنالہ
chapel	نجی گرجا
charged'affaires	شارژے دی آفیر۔ قایم مقام سفیر
-sheet	چارج شیٹ۔ فرد جرم
Charity Kitchen	لنگر
Charter	چارٹر۔ منشور۔ اختیارنامہ
-, People's	عوامی منشور
-, the Great (=Magna Carta) (Eng. Hist.) (Yr. 1215)	عظیم منشور۔ میگنا کارٹا (۱۲۱۵)
Chartered company	سند یافتہ کمپنی۔ چارٹرڈ کمپنی
Charter of Human Rights	منشور حقوق انسانی / حقوق انسانی کا چارٹر

-Party	چارٹر پارٹی (جہاز کے مالک اور سوداگر کے درمیان قول و قرار)
Chartism (=Chartist Movement)	چارٹزم (چارٹسٹ تحریک)
Chase	تعاقب۔ منبت کاری
Chateau	شاتو (گڈھی۔ جاگیردار کا محل فرانس)
Chauvinism	شاونیت / جارحانہ وطن پرستی
Check Post	پڑتال چوکی / چیک پوسٹ
Checks and balances (American Constitution)	تعرض و توازن
Cheka	چیکا۔ خفیہ پولیس (روسی)
Chemical Warfare	کیمیائی جنگ
Chest, Sepulchral	تابوت
Chief	سردار۔ سربراہ / خاص
-, ruling	حکمراں سردار
-Justice	چیف جسٹس
-of Mission	سربراہ مشن
-of Protocol	سربراہ پروٹوکول / سررشتہ آداب و رسوم
-of Staff	چیف آف اسٹاف
-Visa Officer	صدر ویزا افسر
Children Act (Eng. Hist.) Designed to protect children 1908.)	چلڈرن ایکٹ
-of the sun	ابنائے شمس
1. The ancient people who erected megalith	۱۔ قدیم لوگ (جو بڑی بڑی چٹانوں کو نصب کرتے تھے)
2. The civilized subjects of the Inca Empire.	۲۔ انکا سلطنت کی مہذب رعایا

Chiliasm (=Millenarianism.)	نظریۂ الفیت
Chip Carving	نقش تراشی (چاقو سے لکڑی پر)
Chivalry	جانبازی۔ تہور۔ مردانہ اخلاق
Chopping tools (=Choppers)	چاپڑ۔ گنڈاسا۔ تیشہ
Choragic monument (ancient Greece)	سنگت میں گانے والوں کی یادگار (قدیم یونان)
Choragus (ancient Greece)	پیش خواں
Chrism	روغن مسح
Christendom	مسیحی دنیا
Chronicle	وقائع / روزنامچہ / تاریخ
Chronicler	وقائع نویس
Chronogram	مادہ تاریخ
Chronogrammatist	تاریخ گو (مادہ تاریخ نکالنے والا)
Chronograph	وقت نگار۔ چل رکنی گھڑی۔ کرونوگراف
Chronological	تاریخ وار۔ سن وار
-limits	تاریخی حدود
-order	تاریخی ترتیب
-record	تاریخ کا ریکارڈ۔ تاریخی ریکارڈ
-sense	تاریخوں کا شعور۔ تاریخی شعور
-sequence	تاریخی ترتیب۔ تاریخ وار ترتیب
-table	تاریخی جدول۔ جنتری
Chronology	علم سنین / سنیات
Churinga (Australian Hist.)	چورنگا
Cicatrization	اندمال
Cinque Ports (Eng.Hist.) (13th century)	سنک پورٹس / پنج بندرگاہ

Cipher procedure	ضابطہ رمز نویسی
Circular	گشتی مراسلہ / سرکلر
Cella	گول گربھ گرہ
Circumambulatory Path	طواف کا راستہ
Citizenry	اہل شہر
Citizenship	شہریت
-,Acquisition of	حصول شہریت
-,loss of	شہریت تلفی
-,naturalised	شہریت بر بنائے قانون
City commonwealth (=City)	شہری ریاست (شہری دولت مشترکہ)
paramount	بالا دست
Paramountcy	بالا دستی
paramount power	بالا دست طاقت
paranthropus	پے رین تھروپس
parapet	حفاظتی دیوار (پیشین)
Parapithecus	پیرا پے تھی کس
parcelling	حصے بخرے کرنا
parchment (Archives)	چرمی کاغذ۔ جھلی
Par excellence	بدرجہ اتم
parietal art	جوفی فن
par in parem non habet imperium	ہمسروں پر اقتدار اعلیٰ کا عدم نفاذ
parley	گفتگوئے صلح۔ گفت و شنید
parliament	پارلیمنٹ
parliamentary	پارلیمانی
-executive	پارلیمانی عاملہ

-government	پارلیمانی حکومت
-sovereignty	پارلیمانی اقتدار اعلیٰ
parole	پیرول
parochial	تنگ نظری۔ محدود۔ مقامی عصبیت
Paropanisadai (kabul Country)	علاقہ کابل (یونانی اصطلاح)
patricide	پدرکشی
partial loss of independence	جزوی تضیع آزادی
-succession	جزوی وراثت
participation	شرکت۔ شمولیت
particoloured (multicoloured= variegated)	گوناگوں رنگ برنگ
particular rights	خصوصی حقوق
parties to negotiation	فریقین گفت وشنید۔ فریقین مذاکرات
partisan	جنبہ دار۔ طرفدار۔ حامی
-spirit	جذبہ طرفداری
partition	تقسیم
part sovereign state	جزومقتدر ریاست
party	جماعت۔ پارٹی
-government	پارٹی حکومت۔ پارٹی گورنمنٹ
-in power	برسراقتدار پارٹی
-spirit	پارٹی اسپرٹ
-system, multiple	کثیرجماعتی نظام۔ بسیارجماعتی نظام
pass	پاس
passage, right of	حق راہ گزر
-broker	سفرایجنٹ
-, dolmen	ڈالمن راستے کھڑے پتھروں پر آڑے پتھر (زمانہ قدیم)

-grave	سرنگی قبرستان (قبرستان میں جانے والی زمین دوز سرنگ)
-money	سفر خرچ
passenger register	رجسٹر مسافران
passive obedience	مجہول اطاعت
-resistance	ستیہ گرہ۔ پرامن مزاحمت مجہول مقاومت۔ مقاومت مجہول
passport	پاسپورٹ
-Assistant	پاسپورٹ اسسٹنٹ
-Control Officer	پاسپورٹ کنٹرول افسر
pass word	شناختی کلمہ
pastel	رنگین کھریا
pastor	پاسٹر۔ پادری
pastoral	چراگاہی۔ راعیانہ
-cum-agricultural	راعی۔ زرعی / راعیانہ وزرعی
-stage	دور راعیانہ
patch	دھبہ۔ پیوند
pater familias	سردار خاندان۔ سربراہ خاندان
-patratus (ancient Rome)	افسر بہ اختیار کل (قدیم روما)
patina (Rom.Antiq.)	زنگ۔ پے ٹینا (ایک قسم کی طشتری۔ قدیم روم)
patinated coin	زنگ آلود سکہ
patriarch	بزرگ خاندان۔ بطریق
patriarchal society	پدرسری سماج
-theory	نظریہ پدرسری
patriarchy	سرقبیلی حکومت / بطریق کا حلقہ
patrician (ancient Rome.)	رکن طبقہ امرار۔ پیٹ ریشین (قدیم روم)

patrico	پروہت
patri lineal	پدرانہ سلسلہ
patriliny	سلسلہ پدری
patrimonial	پدری وراثتی۔ پدری املاک
patrimony	ترکہ پدری۔ ورثہ پدری
patriotic war	وطنی جنگ
patristic	کلیسائی
patristics	کلیسائی تصانیف کا علم
patron	سرپرست۔ مُربی
patronage	اختیار تقرر۔ سرپرستی۔ نوازش۔ مکرمت
patronat (patron)	سرپرست۔ مُربی
patronym	اسم جدی۔ جدی نام
patroon	پیٹرون (ولندیزی زمیندار)
Pattern	وضع۔ نمونہ
Pax Britannica	امن برطانوی (سلطنت برطانیہ۔
-Romana	امن رومی (سلطنت روما)
(orworld authority)	
peace	صلح۔ امن
peaceable	صلح جو۔ امن جو
-negotiations	صلح جویانہ مذاکرات
-relation	صلح جویانہ تعلقات
peace and security	امن وسلامتی۔ امن وتحفظ
-breaker	امن شکن۔ صلح شکن
-by force	جبری امن۔ جبری صلح
-conference	امن کانفرنس۔ مصالحتی کانفرنس
-establishment	عملہ امن۔ مصالحت کار عملہ
peaceful	پُر امن

-action	پُرامن کارروائی
-change	پُرامن تبدیلی
- co-existence	پُرامن بقائے باہم
- penetration	پُرامن نفوذ
peacemaker	صلح کار
peace movement	تحریک امن
-negotiation	گفتگوئے صلح ۔ مذاکرات صلح
-Observation Commission	امن نگراں کمیشن
-settlement	معاہدہ امن ۔ امن سمجھوتہ
Peasant Revolt (Yr.1381) (Eng. Hist.)	پی زنٹ ریوولٹ ۔ کسانوں کی بغاوت (تاریخ انگلستان)
Peasants War (=1524-25) Ger.Hist.)	پی زنٹس وار ۔ کسانوں کی جنگ (جرمن تاریخ)
peasant village culture	کسانی دیہی تہذیب
pecuniary reparation	مالی تاوان
pedigree	سلسلہ نسب ۔ شجرہ نسب ۔ حسب نسب
pediluvium (Christian Religion)	پیڈی لووی ام ۔ قدیم شوئی (مسیحی مذہب)
Peer	پی ار ۔ امرار
peerage	پیریج ۔ سلسلہ امرار ۔ حلقہ امرار
Peers of the Blood Royal	خاندان شاہی کے پی آر
Pegasus (Gr.Mythol.)	براق ۔ پردار گھوڑا (یونانی دیو مالا)
peg-footed vase	پایہ دار گلدان ۔
Pelagianism (Doctrine of pelagius, a British Monk; C 360 AD-420 AD)	عقیدہ پلے جی ان ۔ پلے جی ان ازم ۔ گناہ (منکر اولین)

penal damages	تعزیری ہرجانہ
penalty	جرمانہ ۔ سزا ۔ تعزیر
penates (ancient Rome)	پی نے ٹیز گھرانے یا قبیلے کا دیوتا (علم الاصنام)
penetration (of a power)	نفوذ ۔ سرایت (اقتدار کا)
Peninsular India	جزیرہ نما ہند ۔ جنوبی ہندوستان
-War (war in Spain and Portugal by the British-Spanish and Portugues forces against Napolean, 1808-14)	پے نن سلر جنگ (نپولین کے خلاف برطانوی اسپینی اور پرتگالی فوجوں کی جنگ)
pennant	تکونا پرچم
people	قوم ۔ عوام ۔ جمہور ۔ جنتا ۔ لوگ
-,Abkhasian	ابخاسی لوگ
-,Ainu	آئی نو لوگ
-,Akkadian	اکادی لوگ
-,Alpine	الپائن لوگ
-,Amerind (Amerind-short for American Indian)	امرنڈ لوگ
-,Aryan	آریہ لوگ
-,Balao (Balawa)	بلاؤ لوگ ۔ بالاؤ لوگ
-,Beaker	بیکر لوگ ۔ منقارہ لوگ
-,Beechuana	بی چوانا لوگ
-,Brun	برون لوگ
-,Damara	ڈامارا لوگ
-,Eskimo	ایسکیمو لوگ
-,Ethiopian	ایتھوپیائی لوگ

-,Georgian جارجیائی لوگ

-,Griqua گری کوا لوگ

-,Hamite ہیمائٹ لوگ

-,Hottentot ہاٹن ٹوٹ لوگ

-,Illyrian الی رین لوگ

-,Kartvelian کارٹویلی لوگ

-,Khoi-Khoin کھوئی کھوئی لوگ

-,Kitchen midden کچن مڈن لوگ

-,Lezghian (Lashin) لیزگھین لوگ

-,Madeleine مادے لن لوگ

-,Malanesian میلے نیشائی لوگ

-,Mingrelian منگریلیائی لوگ

-,Mongoloid منگولی لوگ

-,Moundbuilders استوپ ساز لوگ

-,Negrito نیگریٹو لوگ

-,Negroid نیگرو آئڈ لوگ

-,Osset اوسٹ لوگ

-,Papuan پاپوان لوگ

-,Proto-Malay اصلی ملے لوگ

-,Pygmy پگمی لوگ

-,Scythian سیتھی لوگ

-,Scytho-Aryan سیتھی آریائی لوگ

-,-Greek سیتھی یونانی لوگ

-,-Kushan سیتھی کشان لوگ

-,-Median سیتھی میڈی لوگ

-,-Parthian سیتھی پارتھائی لوگ

-,Swahili سواحلی لوگ

-,Tocharian	توخاری لوگ
-,Umbrian	امبری لوگ
-,Veddah	ویدا لوگ
-,Xanthochroi	زینتھوکروآئی لوگ
People's Charter (National Charter)	عوامی منشور (تاریخ انگلستان)
-Democracy	عوامی جمہوریت
-front	عوامی محاذ
-Party	عوامی پارٹی
-republic	عوامی جمہوریہ
-verdict	فیصلہ جمہور
-war	عوامی جنگ
perfidy	غداری ۔ اعتماد شکنی
performance	کارکردگی ۔ انجام دہی ۔ کارگزاری
Period	عہد ، مدت ، دور زمانہ
-,Aeneolithic	جدید ترین پتھر کا زمانہ
-,Dynastic (ancient Egypt)	شاہی خاندان کا زمانہ
-,Eocene	ای اوسین زمانہ
-,Eolithic	ای اولیتھک زمانہ
-,Inter-pluvial	بین بارانی زمانہ ۔ انٹرپلوویل عہد
-.Lower Palaeolithic	آخری قدیم حجری زمانہ یا عہد
-,Mesolithic	میزولیتھک زمانہ
-,Microlithic	مائکرولیتھک زمانہ
-,mid-Palaeolithic	وسطی قدیم حجری زمانہ
-,Miocene	مایوسین زمانہ
-,Mississippian	مسی سی پی زمانہ
-,Neolithic	نوحجری زمانہ

-,Oligocene	اولی گوسین زمانہ ۔ نیم جدید زمانہ
-,Palaeolithic	قدیم حجری زمانہ
-,pliocene	جدید ترین زمانہ ۔ پلایوسین زمانہ
-,pluvial	بارانی زمانہ
-,Pre-dynastic (ancient Egypt)	قبل از شاہی خاندان زمانہ (قدیم مصر)
-,Pre-palaeolithic	قبل از قدیم حجری زمانہ
-,Tertiary	زمانہ ثالثہ
-,Upper palaeolithic	ابتدائی قدیم حجری زمانہ
periodic Visits	میعادی معائنے ۔ میعادی دورے میعادی سفر
Perioikoi (the most privileged class of Sparta; Sparta-one of the foremost city-states of Greece.)	پیریوکوئی (مخصوص صاحب اختیار طبقہ) (اسپارٹا)
Periphery	بیرونی حد
periscope camera	دور بین کیمرا ۔ پے رس کوپ کیمرا
Peristylar fore- court	ستونی حلقہ دالا پیش دالان
permanence	پائداری ۔ استقلال ۔ استحکام ۔ دوام
Parmanent CentralOpium Board	مستقل مرکزی افیون بورڈ
-Court of Arbitration	مستقل عدالت ثالثی
---International Justice (League of nations)	مستقل بین الاقوامی عدالت
-delegation	مستقل ڈیلیگیشن ۔ مستقل وفد
-element	مستقل جزو
-executive	مستقل عاملہ
-headquarters	مستقل صدر مقام

-International Association of Navigation Congress	بحری جہازرانی کانگریس کی مستقل بین الاقوامی انجمن
----Road Congress	شاہراہ کانگریس کی مستقل بین الاقوامی انجمن
permanently neutralised	مستقل مسلمہ غیر جانبدار
permanent Mandatés Commission	مستقل انتدابی کمیشن
-mission	مستقل مشن
-representative	مستقل نمائندہ
-Settlement	استمراری بندوبست
permissive	اباحی
permissiveness	اباحیہ
permit	پرمٹ ۔ اجازت نامہ
-holder	پرمٹ دار
perpetual fief	مستقل اقطاع
persecution	منصوبہ بند ظلم ۔ آزار دہی ۔ آزار رسانی ۔ ایذا رسانی
persecutor	آزار رساں ۔ ظالم
persona grata (an acceptable person)	پسندیدہ شخص
personal Assistant	پرسنل اسسٹنٹ
-- to the President	صدر کا پرسنل اسسٹنٹ
personalism	شخصانیت ۔ پرسنلزم
personality cult	شخصیت پرستی
personal law	پرسنل لا
-Secretary	پرسنل سکریٹری
-Staff of the President	صدر کا پرسنل عملہ
-standing in judicio	انفرادی حق بروئے انصاف
-union	پرسنل یونین ۔ شخصی اتحاد

persona-non-grata	ناپسندیدہ شخص
personnel policy	عملہ پالیسی
petition	عرضداشت
-of Rights (Yr. 1628) (Eng.Hist.)	عرضداشت حقوق
petitio principle (logic)	مغالطہ منطق۔ انحصار مقدمہ بر نتیجہ
petrifiable	پتھر بن جانے کے قابل۔ تحجیر پذیر
petrific (petrified)	پتھرایا ہوا۔ متحجر
petrification	تحجیر (پتھر بننے کا عمل)
petrified	پتھرایا ہوا۔ متحجر
petrifier	پتھر بنانے والا۔ محجر
petrify	پتھر بنانا یا بننا محجر۔ متحجر ہونا
petrology	صخریات۔ چٹانوں کا علم
phalanx (Gr.Antiq.)	فیلینکس کتبہ (مقدونی پیدل فوج کا پیرا) (قدیم یونان)
phallephoric	لنگ پرستی سے متعلق
Phallicism	لنگ پرستی
Phallic-stone	لنگ پتھر
-worship	لنگ پوجا
phallus	لنگ
pharaoh	فرعون
phase	پہلو۔ شکل۔ صورت۔ حالت۔ روپ۔ مرحلہ
philanthropic	حب بشری۔ مخیرانہ۔ خیر خواہانہ
-association	انجمن کار خیر
-institution	ادارہ کار خیر
philhellenism	مسلک یونان دوستی
philistine	غیر شائستہ۔ بدذوق۔ قدیم فلسطینی

Phoenician traders	فونیقی تاجر
phoenix (ancient Egypt)	ققنس (قدیم مصر)
photo- lithography	فوٹو لیتھوگرافی
Phrygian	فری جی آئی ۔ فری جی اناطولیہ (ایشیائے کوچک کا ایک قدیم ملک)
-alphabet	فروی جی حروف ۔ فرد جی آئی حروف
Physical integration of records (Archives)	دستاویزات کی شیرازہ بندی
Physicomorphism	عقیدہ تجسیم
Physiocrat	فری اوکریٹ (اس عقیدہ کا حامی کہ حکومت فطری اصول پر ہونی چاہئے یعنی زمین دولت کا اصل ذریعہ ہے اس لیے وہی قابل محصول ہے) فطری حکومت کا حامی
pictogram	تصویری کلمہ تصویری لفظ
pictograph	تصویری تحریر ۔ تصویری خط
pictographic script	تصویری رسم خط
-signs	تصویری علامتیں
pictography	تصویر نویسی
picts	پکٹ لوگ (انگلستان کے قدیم باشندے)
pict towers	پکٹ مینار
picture	تصویر
-writing	تصویر نویسی
picus	زراعت کا دیوتا (قدیم اٹلی) پائی کس
pigment	قدرتی رنگ ۔ رنگوں کا ملونا
pilot	پائیلٹ ۔ جہازران

-a bill	بل پائیلٹ کرنا (بل پیش کرکے پاس کرانا)
pilotage	بل پائیلٹ کرنے کا عمل ۔ اجرت رہنمائی جہازرانی
pile-settlement (Pre.Hist.)	بلی بستی (قدیم تاریخ)
pilum (ancient Rome)	پائیلم ۔ برچھا (قدیم روم)
pilgrim	زائر ۔ تیرتھ یاتری
pillage*	لوٹ ۔ غارت گری
pillar	ستون ۔ لاٹ
-Edict	ستونی فرمان
pin, disc (Archives)	طشتری پن ۔ گول پن
-,eyelet	پھنسانے کی پن ۔ سوراخ دار پن
-,Knot-headed	گرہ سری پن ۔ گھنڈی دار پن
-,racket	ریکٹ پن ۔ برف جوتے کی کیل
-,sunflower	سورج مکھی پن
-,wheel	پہیہ کی کیل
piracy	بحری قذاقی
pirata est hostis humani generis	بحری قذاقی نوع انسانی کی دشمن
-non mutat dominium	بحری قذاقی سے ملکیت نہیں بدلتی
pirate	بحری قذاق
piratical vessel	قذاق جہاز
-hut	کچی جھونپڑی
pitched battle	گھمسان کی لڑائی
pithus-burial	پیتھوسی تدفین (یونانی)
pitstone hill	پٹ اسٹون پہاڑی
pit tomb (Pre.Hist.)	خندقی قبر
-trap (Pre.Hist.)	خندقی دام

placement	ماموری ۔ تعیناتی
place-name	جگہ کا نام
plait	بال گوندھنا ۔ تہہ ۔ چُنٹ
plan	منصوبہ ۔ نقشہ ۔ خاکہ ۔ پلان
-, Dawes (to insure German reparation payments in 1972)	ڈاز منصوبہ ۔ ڈاز پلان
-, Schuman (for a united political control over the steel & Coal industries of Europe, proposed by Robert Schuman, the French Foreign Minister in May, 1950)	شومن پلان ۔ شومن منصوبہ
-, Young (for payment of German reparations to the Allies, 1929)	ینگ پلان ۔ ینگ منصوبہ
planning, axial	محوری پلاننگ
platform	پلیٹ فارم
plating	ملمع کرنا ۔ پانی چڑھانا
plea of non-discrimination	دلیل عدم امتیاز ۔ وکالت عدم امتیاز
Plebian (ancient Rome)	عوامی طبقہ ۔ عوامی طبقہ کا فرد (قدیم روم)
plebiscite	رائے شماری
pledge	عہد ۔ اقرار
plenary meeting	اجلاس عام
plenipotentiary	کل اختیار ۔ ہمہ اختیار

plot	سازش
plough agriculture (Pre.Hist.)	ہل کھیتی
plumb	ساہول۔ پنسال۔ عمق پیما
plunder	لوٹ مار۔ غارت گری
plural executive (the final control, in the constitution of Swiss Republic lies not with one person but with a council of several.)	تکثیری عاملہ
Pluralism	تکثیریت
pluralist	تکثیر پسند
pluralistic conception of sovereignty	اقتدار اعلیٰ کا تکثیری تصور
plural nationality	چند ملکی شہریت
-voting	تکثیری حق رائے دہندگی۔ تکثیری ووٹ
pluto (Gr.Rom.Mythol.)	پلوتال (عالم اسفل کا دیوتا) پاتال دیوتا پلوٹو یونانی دیومالا
plutocracy	زر داریہ
pocket borough (Eng.Hist.)	پاکٹ برو (انگلستان کی تاریخ)
-veto (American Constitution)	پاکٹ ویٹو (امریکی دستور)
pogrom	پوگرم۔ منظم قتل عام
poimenics	پادریات (پادریوں کے متعلق علم)
Poinae (Gr.Mythol.)	یونانی۔ انتقام کی عفریت۔ انتقام کی دیویاں
poin-de appui (Fr.)	نقطہ ارتکاز (فوج) نقطہ انحصار
point	نقطہ۔ نوک۔ نکتہ۔ موقع
-, bone	ہڈی کی نوک
-, laurel leaf (Pre.Hist.)	لارل پتی کی نوک

-,Monsterian (Fr.Pre-Hist.)	موسیتری کی نوک
-,Plain lance	بھالے کی سادہ نوک
pointed	نوکدار ۔ نوکیلی
-arch	نوکدار محراب ۔ نوکدار ڈاٹ
Point Four Aid	چار نکاتی امداد
--Programme (initiated by USA to raise the standard of living of the under developed countries after the scond World War.)	چار نکاتی پروگرام
polemics	مناظریات ۔ علم مناظرہ
police action	پولیس ایکشن
-quarantine camp	پولیس قرنطینہ کیمپ
-state	پولیس اسٹیٹ
policy-maker	پالیسی ساز
-of assimilation	ادغام کی پالیسی ۔ جذب کی پالیسی
--containment	سدتوسیع پالیسی (حد کے اندر رکھنے کی پالیسی)
--non-alignment	نابستگی کی پالیسی ۔ عدم وابستگی کی پالیسی
--ringfence	حصاربندی پالیسی (گھیرا ڈالنے کی پالیسی)
--splendid isolation	باوقار علیحدگی کی پالیسی
poligar	پولیگر۔ جنوبی ہندوستان کا چھوٹا جاگیردار)
polis	پولیس (قدیم یونانی) شہر ۔ شہری ریاست
Politbureau	پولٹ بیورو
political	سیاسی
-Adviser	مشیر سیاسی
-agent	سیاسی ایجنٹ

--, secret	خفیہ سیاسی ایجنٹ
-agitation	سیاسی ایجی ٹیشن۔ سیاسی شورش
-alignment	سیاسی وابستگی
-Ambassador (=Ambassdor)	سیاسی سفیر
-and Security Committee	سیاسی وسلامتی کمیٹی
-appointment	سیاسی تقرر
-aspirations	سیاسی عزائم / توقعات
-asylum	سیاسی پناہ
-awakening	سیاسی بیداری
-consciousness	سیاسی شعور
-crime	سیاسی جرم
-deadlock	سیاسی ضیق
-Department	سیاسی شعبہ
-development	سیاسی ترقی۔ سیاسی رفتار۔ سیاسی واقعات سیاسی حالت۔ سیاسی کیفیت۔
-dissension	سیاسی افتراق۔ سیاسی پھوٹ
-equality	سیاسی مساوات
-fugitive	سیاسی مفرور
-history	سیاسی تاریخ
-independence	سیاسی آزادی
-individuality	سیاسی انفرادیت
-issue	سیاسی مسئلہ۔ سیاسی سوال / سیاسی معاملہ
politically abnormal condition	سیاسی اعتبار سے غیر معمولی کیفیت / حالت
political necessity	سیاسی ضرورت
-negotiator	سیاسی مذاکرات کار۔ سیاسی معاملہ کار

-obligation	سیاسی فرض ۔ سیاسی ذمہ داری
-offence	سیاسی جرم ۔ سیاسی قصور
-office	سیاسی عہدہ
-officer	پولیٹیکل افسر۔ سیاسی افسر۔ سیاسی عہدہ دار
-organisation of mankind	نوع انسانی کی سیاسی تنظیم
-philosophy	فلسفہ سیاسیات
-publicity	سیاسی پبلسٹی ۔ سیاسی اشاعت
-refugee	سیاسی پناہ گزین
-reporter	سیاسی نامہ نگار ۔ سیاسی رپورٹر
-rights	سیاسی حقوق
-sanction	سیاسی سزا (قانون کی خلاف ورزی کی) سیاسی وجہ جواز ۔ سیاسی محرک ۔ سیاسی حدود ۔ سیاسی پابندیاں ۔ سیاسی اذن
-Science	علم سیاسیات
-subjection	سیاسی محکومی
-subordination	سیاسی ماتحتی
-terrorism	سیاسی دہشت انگیزی
-unrest	سیاسی بے چینی
politician	سیاستداں ۔ سیاست کار
politics	سیاست
polity	نظام اجتماعی ۔ نظام ریاست ۔ ریاست
poll	پول ۔ الیکشن
polling	ووٹ ڈالنا ۔ پولنگ ۔ رائے دہی
-agent	پولنگ ایجنٹ
-booth	پولنگ بوتھ ۔ مرکز رائے دہی ۔ رائے دہی مرکز

-Officer	پولنگ آفیسر
-station	پولنگ اسٹیشن
poll tax	نفری ٹیکس
polyandry	تعدد زوجیت (چند شوہریت)
polychromy	رنگ برنگی۔ چند رنگی
polygamy	تعدد زوجات۔ تعدد ازدواج
polyglot	کئی زبانیں جاننے والا۔ کثیر لسان
polygonal cist (Pre.Hist.)	کثیر الاضلاع تابوت (قدیم تاریخ)
polygyny	تعدد زوجات۔ چند زوجیت
pompeia	پومپے آئی (قدیم روم کا قبیلہ)
pontiff	صدر پادری
pontoon	کشتی پل
poor house	محتاج خانہ
poparchy	پاپائیہ
Popular approval	منظوری عامہ۔ تائید عامہ
population	آبادی
-commission	آبادی کمیشن
populist party	پاپولسٹ پارٹی (۱۸۹۱۔ امریکہ)
portfolio	پورٹ فولیو۔ قلمدان وزارت
porthole cist (Pre.Hist.)	روزنی تابوت
-stone (Pre.Hist.)	روزنی پتھر
portico	پورٹیکو۔ برساتی
port of adjudication	عدالتی کارروائی کی بندرگاہ (بین اقوامی قانون)
pose (=posture)	مسئلہ پیش کرنا۔ پوز۔ انداز
positive aspect	مثبت۔ پہلو
-law	وضعی قانون۔ مثبت قانون
-state	اثباتی ریاست

English	Urdu
positivism	اثباتیت۔ ثبوتیت۔ وضعیت
-,logical	منطقی ثبوتیت
positivist	ثبوتی
possession	قبضہ۔ تصرف۔ دخل
possessor	قابض
post	مرکز۔ کھمبا۔ ستون۔ عہدہ۔ ڈاک چوکی۔ مابعد
postern gate	عقبی دروازہ۔ پیچھے کا دروازہ۔ پشتی دروازہ
post-liminium	بحالی حقوق بعد از جنگ
-Master General	پوسٹ ماسٹر جنرل
-millennialism (=post milleneri-anism) (theory that the second coming of Christ will be after the Millenn-ium)	عقیدہ بعد الف سعادت (یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ کا ظہور ثانی الف سعادت کے بعد ہو گا)
posture	آسن۔ انداز
pot,bone (Pre.Hist.)	ہڈیوں کا برتن
potentate	حکمران۔ فرمانروا
potential	بالقوۃ۔ امکانی
-enemy	امکانی دشمن
potsherd	برتن کا ٹکڑا (برتن) ٹھیکرا (آثاریاتی)
pottery, assyrian	اسیریائی ظروف۔ اسیریائی ظروف سازی
-,cardial	لکیردار ظروف
-,celtic	کیلٹک ظروف
-,incrusted	پپڑی دار ظروف
-,inlaid	جڑاؤ برتن۔ مرصع ظروف

-,knobbed	گھنڈی دار ظروف
-,korean	کوریائی ظروف۔ کوریائی ظروف سازی
-,Mexican	میکسکن ظروف / ظروف سازی
-,painted	روغن کیے ہوئے ظروف
-,scraped	کھرچے ہوئے ظروف
-,wavy lined	لہریا دار ظروف
-assemblage	مجموعہ ظروف
-culture	ظروفی تہذیب
-fabric	ظروفی ساخت
-kiln	ظروف کی بھٹی۔ آوا
-spoon	مٹی کا چمچہ
-type	ظروف کی وضع
power blocs	طاقتی بلاک
-diplomacy	طاقتی ڈپلومیسی
-equation	طاقتی تناسب
-of attorney	اختیار وکالت
-politics (the use of threats and force for attainment of political objects in international relations)	طاقتی سیاست
-vacuum	طاقتی خلا
practice	دستور۔ رواج۔ عمل
praedial (slave)	زرعی غلام۔ غلام
praefect (prefect)	پری فیکٹ (قدیم رومی مجسٹریٹ)
praetor (Pretor)	پریٹر (مجسٹریٹ روما) منصف اعلیٰ (قدیم رومی)
pragmatic Sanction	پریگمیٹک سینکشن دستور سلطانی (تاریخ جرمنی)

prayer veil	عبادتی نقاب ۔رسم نقاب (عیسائی مذہب)
preamble	تمہیدیہ (خصوصاً دستوری وقانونی)
pre-animistic stage (Pre.Hist.)	قبل دور ارواح پرستی (ماقبل تاریخ)
precedence	تقدیم
--Diplomatic	سفارتی تقدیم
-of states	ریاستوں کی تقدیم
--**status**	تقدیم حیثیت
precedent	نظیر
precincts	احاطہ ۔ حدود
precipitate recognition	تسلیم بہ عجلت
precultural	قبل تہذیبی
precursor	پیش رو / سابقین
pr**e**decessor	اسلاف ۔ پیش رو
predella (Christian Church)	قربان گاہ کی دہلیز (کلیسا)
pre-Diluvian	قبل طوفان نوح۔فرسودہ۔دقیانوسی
- dynastic in-habitant	خاندان فرعون سے پہلے کے باشندے (قدیم مصر)
prefect	پری فیکٹ
preferential trade agreement	ترجیحی تجارتی معاہدہ
pre-historic	قبل تاریخی
--**earthworks**	قبل تاریخی مٹی کی فصیل یا دیوار
--painting	قبل تاریخی مصوری
-**history**	قبل تاریخ دور
preliminaries of **pe**ace	صلح کی سلسلہ جنبانی ۔ صلح کی شروعات
preliminary	ابتدائی

-arrangements	ابتدائی انتظامات
-treaty	ابتدائی معاہدہ
premier (=prime minister)	وزیراعظم۔ پردھان منتری
premillennialism (=premillenarianism) (Christian Theol.)	عقیدہ قبل الف سعادت (دینیات)
Preparatory Commission	تیاری کمیشن
-work	ابتدائی کام
Prerogative	اختیار خصوصی
-courts	عدالت اختیار خصوصی
presbyter	پریس بیٹر۔ پریس بیٹرین پادری
presbyterianism	طریق پریس بیٹرین۔ عقیدہ پریس بیٹرین
prescribed	مقررہ
prescription	حق بربنائے تصرف قدیم
prescriptive right	حق شفع۔ حق بربنائے تصرف قدیم
presentation of credentials	پروانہ تقرر کی پیش کش
preservation of monuments	تحفظ آثار قدیمہ
--peace	تحفظ امن
Presidency	پریزیڈنسی (برطانوی ہند کے تین علاقے بنگال، مدراس، بمبئی)
president	صدر
presidential Executive	صدارتی عاملہ
-Government	صدارتی حکومت
President's Body guards	صدر کے باڈی گارڈ۔ صدر کا محافظ دستہ
-Flag	پرچم صدر

Presiding officer (in election)	صدر افسر (الیکشن) انتخابات
presidium	پریزیڈی ام۔ مجلس صدارت
press	مطبع۔ پریس۔ صحافت
-attache	پریس اتاشے
-communique	پریس اعلانیہ
pressing board (Archives)	شکنجہ
press Liaison Assistant	پریس کا نائب رابطہ افسر
-note	پریس نوٹ
-release	پریس نشریہ
Pressure groups	اثر انداز گروپ
pretender	دعویدار (تخت شاہی)
preterition	نظر انداز ہونا (وصیت میں) نظر انداز ہونا (عقیدہ کالون دینیات)
pretor	پریٹر۔ منصف اعلیٰ
preventive action	انسدادی کارروائی
-detention	احتیاطی نظر بندی
Pride's purge	پرائڈ پرج۔ پرائڈ کا اخراج (۱۶۴۸ء میں کرنل پرائڈ کا چارلس اول کے حامیوں کا پارلیمنٹ سے نکالا جانا)
priest	پیشوا۔ کاہن۔ پجاری۔ پادری۔ پروہت
-king	پروہت فرمانروا
priestly family	پروہت خاندان
primary interest	بنیادی مفاد۔ اولین مفاد
-internment	اولین دفن
-rock	اولین چٹان
-sovereignty	ابتدائی اقتدار اعلیٰ / بنیادی اقتدار اعلیٰ

prime minister	وزیراعظم۔ پردھان منتری
primitive	ابتدائی دور۔ قدیم۔ ابتدائی
-habitation	ابتدائی دور کی تہذیب۔ بستی۔ قدیم بستی
-horde	ابتدائی دور کا گروہ۔ ابتدائی تہذیبی گروہ
-morality	ابتدائی دور کی اخلاقیات۔ قدیم اخلاقیات
-people	ابتدائی لوگ
primitiveness	ابتدائی دور کی حالت
primogeniture	خلف اکبر
-,law of	حق جُٹھائی کا قانون۔ قانون وراثت خلف اکبر
prims inter pares	برابروں میں پہلا
prince	شاہزادہ
-consort	پرنس کنسرٹ۔ ملکہ کا شوہر
princeling	چھوٹا سردار۔ ملک
princess	شہزادی
principal allied powers	خصوصی / اہم اتحادی طاقتیں
principality	چھوٹی ریاست
principal organs	اہم اعضار
priorities	ترجیحات
priority	اولیت۔ ترجیح
-,high	برتر اولیت
prisoner	قیدی
-of war	جنگی قیدی
private	نجی۔ پرائیویٹ

-bill	پرائیویٹ بل
privateer	نجی مسلح جہاز
privateering	نجی مسلح جہاز سے قذاقی
private law	پرائیویٹ قانون
-Secretary	پرائیویٹ سکریٹری
-sector	پرائیویٹ سیکٹر / غیر سرکاری سیکٹر
privilege	مخصوص حق ۔ مراعات
privileged class	مراعات یافتہ طبقہ ۔ مراعاتی طبقہ
privy council	پریوی کونسل
-purse	پریوی پرس
prize	جہاز بحری مال غنیمت (بین اقوامی قانون)
-court	بحری مال غنیمت کی عدالت (بین اقوامی قانون)
-money	بحری مال غنیمت کی رقم ۔ جیتی ہوئی دولت
probationer	پروبیشنر ۔ آزمائشی طور پر رہائی یافتہ ۔ زیر آزمائش
problem	مسئلہ
procedural capacity	طریقہ کار کا قانونی اختیار
-clauses	دفعات طریقہ کار
-committees	ضابطہ کمیٹیاں
-debate	طریقہ کار کی بحث
-matter	امور طریقہ کار
procedure of documentation	طریقہ ترتیب دستاویزات
proceedings	کارروائی ۔ روئداد ۔ رُوداد
-in camera	خفیہ کارروائی ۔ درونِ اطاق کارروائی
process of legislation	عمل قانون سازی
-verbal (the 'minutes' of a conference, if signed by the participants, such minutes acquire binding force)	مصدقہ کارروائی فرانسیسی قانون

proclaim	رسمی طور پر اعلان کرنا
proclamation	رسمی اعلان
-of emergency	ہنگامی حالات کا اعلان۔ ایمرجنسی کا اعلان
pro-consul	پرو قونصل
(it is not a Consul, but a locum tenes only, during the temporary illness or absence of con sul).	قائمقام قونصل
procurator	حاکم۔ مجسٹریٹ ۔ پرکیوریٹر
-General	پرکیوریٹر جنرل۔ افسر عدالت سرکاری۔ مختار عام
procurement	فراہمی تحصیل وصول
professional diplomatist	پیشہ ور سفیر
-soldier	پیشہ ور سپاہی
progenitor	مورث اعلیٰ ۔ جد امجد
progeny	نسل ۔ اولاد
programme	پروگرام
progressive development	تدریجی ترقی ۔ تدریجی ارتقار
prohibited area	علاقہ ممنوعہ
-immigrant	ممنوعہ تارک وطن
prohibition of intervention	امتناع مداخلت ۔ ممانعت مداخلت
--war	امتناع جنگ
projection	باہر کو نکلا ہوا ۔ اشاعت ۔ خاکہ
- printing	پروجکشن پرنٹنگ
prometheus (Gr.Mythol)	پرومی تھی اس (یونانی دیومالا)
promised land	ارض موعود
promontory fort	راس قلعہ
promulgate	نافذ کرنا

promulgation	نفاذ
pronouncement	اعلان باضابطہ
propaganda	پروپیگنڈہ۔ تشہیر
propagandist	پروپیگنڈہ باز۔ پروپیگنڈہ کرنے والا
propagator	اشاعت دہندہ۔ مبلغ
proper channel	بہ حسن توسط
property, personal	شخصی ملکیت
-,private	نجی ملکیت
-,public	سرکاری ملکیت۔ پبلک ملکیت
prophecy	نبوت۔ پیش گوئی
proposal	تجویز
propraetor (=propretor) (Rom.Hist.)	پروپرایٹر (صوبہ کا حاکم اور منصف اعلیٰ جو فوجی پابندی سے آزاد تھا (رومی تاریخ)
propulsor, javelia	آلہ نیزہ اندازی
prorogue	التوا۔ ملتوی کرنا
pros and cons	موافق و مخالف پہلو
prosecuting state	مستغیث ریاست
proselytize	عقیدہ / مسلک / مذہب تبدیل کرانا
prospective	مستقبلی (ہونے والا)
protected ally	زیرحفاظت حلیف
-state	زیرحفاظت ریاست
protecting power	محافظ طاقت
protection of emigrants	حفاظت تارکین وطن
--foreign interests	غیر ملکی مفادات کا تحفظ
--nationals	شہریوں کا تحفظ / شہریوں کی حفاظت
protective functions	حفاظتی مناصب / فرائض
-jurisdiction	حفاظتی دائرہ اختیار

English	Urdu
protectorate	پروٹیکٹوریٹ ۔ محفوظ علاقہ / ملک زیرحفاظت / ملک محفوظ
protectorate (Eng.Hist.)	(تاریخ انگلستان)
protector of emigrants	محافظ تارکین وطن
protege	زیرحمایت ۔ آوردہ ۔ مُتوسّل
protest	احتجاج
protestant Union (Christian Religion)	پروٹیسٹنٹ یونین
protesting state	احتجاج کرنے والی ریاست
protest note	احتجاجی نوٹ
proto-canonical	ابتدائی کلیسائی قانون
protocol	پروٹوکال ۔ قانونی سیاسی تحریر کا اصل مسودہ / سیاسی دستاویز ۔ سررشتہ آداب ورسوم
-,chief of	صدر افسر مراتب
- officer	افسر مراتب
proto-Dravidian	ابتدائی دراوڑ
---Dynastic (Ancient Egypt)	ابتدائی فرعونی خاندان کا
-gene	نشوونما کے دوراول کا ہیولیٰ
-god	دیوتا کا ابتدائی تصور / روپ
-gonos (Gr.Relig.)	پروٹوگونس ۔ یونانی کام دیوتا کا ایک روپ (ایراس کا ایک روپ) (یونانی مذہب)
-graph	ابتدائی تحریر
-historic archaeology time	عہد تاریخ کے آثاریات / ابتدائی تاریخ کا زمانہ
-history	ابتدائی تاریخ

-homo	ابتدائی آدمی
-lithic	ابتدائی حجری دور کا / ابتدائی پتھر کے زمانہ کا
-martyr	شہید اول
-mediterranean race	ابتدائی بحر رومی نسل
-morph	ابتدائی شکل
-Neolithic Culture	نئے حجری دور اول کی تہذیب
provision	معاش کلیسائی پر تقرر ۔ فراہمی ۔ سامان ۔ شرط ۔ قواعد
provisional	عارضی
-agenda	عارضی ایجنڈا
-government	عارضی حکومت
-orders	عارضی احکامات
-treaty	عارضی معاہدہ
provisions (of a treaty)	شرائط معاہدہ دفعات معاہدہ
provocative	اشتعال انگیز
proxenus (a citizen of a state appointed by another state to have charge of its interests.)	مختار (کسی ایک ریاست کا شہری جسے کوئی دوسری ریاست اپنے مفاد کے تحفظ کے لیے مقرر کرے)
proximate	نزدیک ترین
pro-zionist	حامی صیہونیت
Pseudo-	نقلی ۔ جعلی ۔ نمائشی ۔ پُرفریب ۔ فرضی
-guarantee	نمائشی ضمانت ۔ نمائشی گارنٹی ۔ فرضی ضمانت

-history — فرضی تاریخ
publican — پبلکن ۔ محصول وصول کرنے والا ۔ شراب فروش ۔ کلال (قدیم روم کا ایک افسر)
public bill — سرکاری بل / پبلک بل
- corporation — پبلک کارپوریشن
-debt — قومی قرضہ
-enemy — سماج دشمن ۔ عوام دشمن
-health — صحت عامہ
-internatinal law — پبلک بین الاقوامی قانون
--organisation — بین الاقوامی سرکاری تنظیم / ادارہ
publicist — ماہر قانون بین الاقوامی ۔ صحافی
publicity — تشہیر ۔ پبلسٹی ۔ اشاعت
-assistant — پبلسٹی اسسٹنٹ
-Officer — پبلسٹی افسر
-staff — پبلسٹی عملہ
public law — قانون عامہ
-notification — اعلان عامہ
-opinion — رائے عامہ
--poll — استصواب رائے عامہ
-policy — مصلحت عامہ
-Relations Officer — افسر رابطہ عامہ
-rights — حقوق عامہ
-sector — پبلک سیکٹر
-servant — سرکاری ملازم
-serving — سرکاری ملازمت ۔ خدمت عامہ
-service Commission — پبلک سروس کمیشن
-trial — کھلی عدالت میں مقدمہ

-works Department	شعبہ تعمیرات عامہ
puisne judge	ہائی کورٹ کا چھوٹا جج ۔ پیونی جج
pump-priming	پمپ پرائمنگ (امریکی سیاست) (زار کے زمانہ میں حکومت کا بھاری قرض لے کر معاشی حالت کو بہتر بنانے کا طریقہ)
Punctations (mere negotiations on the items of future treaty without the parties entering into an obligation to conclude that treaty)	تمہیدی گفت و شنید (مستقبل کے معاہدہ کے لیے)
punic wars (Rom.Hist.)	پیونک جنگیں (روم اور کارتھیج کی لڑائیاں)
punitive damages	تعزیری ہرجانہ
purge	تطہیر ۔ اخراج
puritan (Eng.Hist.)	پیورٹن ۔ پکا دیندار ۔ راسخ دیندار
Putsch (a petty rebellion or popular uprising as the Kapp Putsch in Germany 1920)	پشس ۔ اچانک تختہ پلٹنے کی خفیہ کوشش
pyramid	اہرام
pyramidalism	اہرامیات
pyramidate	اہرامی
pyramidion	چھوٹا اہرام ۔ اہرامچہ
Pyramid of Cheops	کی اوپس کا اہرام
Pyramidologist	ماہر اہرامیات
Pyramid Texts	اہرامی تحریریں
python	اجگر ۔ اژدہا ۔ پائی تھن (یونانی دیومالا میں ایک عظیم الجثہ اور عجیب الخلقت اژدہا)

Q

quadriga (Ancient Rome) — چار اسپی رتھ (قدیم روم)
(قدیم روم)

quadripartite — چار فریقی - چہار فریقی

quadruple alliance (Aug. 1718) — اتحاد اربعہ

Quaker — کوئیکر - ۱۶۵۰ء میں ایک مسیحی تحریک کا رکن

quarantine — قرنطینہ

-department — شعبہ قرنطینہ

quartering of soldiers — سپاہیوں کو کسی گھر یا مقام پر مسلط کرنا۔
سپاہیوں کو ٹھہرانا

quarter section — چوتھائی قطعہ (پیمائش آراضی کی امریکی اصطلاح)

quartz — سنگ مردہ

queen consort — بادشاہ بیگم

-Mother — راج ماتا

quern (Pre.Hist.) — ہاتھ کی چکی

questionable tactics — مشتبہ چالیں

question hour — وقفہ سوالات

questionnaire — سوالنامہ

question of fact — امر واقعہ

--law — امر قانونی

Quinguennia settlement — پنج سالہ بندوبست

Quinquerme (Ancient Rome) — پنج طبقہ کشتی (قدیم روم)

Quisling	کواس لنگ ۔ غدار
Quitrent	بدل خدمت ۔ لگان بہ عوض خدمت
quiver	ترکش
quorum	کورم
quota	کوٹا ۔ حصہ رسد
quotation	اقتباس ۔ حوالہ ۔ ڈریہ قیمتیں
quo-Warranto (this is a writ which empowers higher courts to enquire into the right which the lower court or the executive claims to exercise.)	حکم عدالت برائے تصفیہ استحقاق یہ ایک طرح کا رٹ ہے جس کی روسے اونچی عدالتیں نیچے کی عدالتوں یا انتظامیہ کے اختیارات و حقوق کی تحقیق کر سکتی ہیں کہ آیا یہ حق ان کو واقعی ۔ ۔ ۔ ۔ حاصل ہے یا نہیں

R

race	نسل
-difference	نسلی فرق
racial	نسلی
-consanguinity	نسلی قرابت۔ رشتۂ خون
-discrimination	نسلی امتیاز
racialism	نسل پرستی / نسلی تعصب
racially	نسلاً ۔ از روئے نسل
racial Segregation	نسلی علیحدگی ۔ (نسلی تفریق کی بنا پر علیحدگی)
-supremacy	نسلی برتری
-tension	نسلی کشیدگی ۔ نسلی تناؤ
raciation	نسل کاری
raciology	علم نسل
racism	نظریہ نسل پرستی
Rack	شکنجہ
- Drying (Archives)	ریک پر سکھانا
raid	چھاپہ ۔ دھاوا
rail(=railing)	کٹہرا ۔ جنگلا
railing pillar (=rail pillar)	جنگلے کا ستون
raison'd etat	ملکی مصلحت
raison' d' etre'	سبب وجود
Rampantlion	بپھرا ہوا شیر

rampart	دمدمہ ۔ پشتہ (قلعہ کا)
ranch	مویشی فارم
rank of states	مملکتوں کے مراتب
ransack	تاخت وتاراج کرنا
ransom	زرِ رہائی / فدیہ
rapport	ربط و تعلق
rapporteur	ریپورٹیر ۔ رپورتار ۔ رپورٹر
rapprochement	مفاہمت
rate	مقامی ٹیکس ۔ شرح
ratification	توثیق
-,conditional	مشروط توثیق
-,partial	جزوی توثیق
ravages	تباہ کاریاں
reaction	ردِ عمل
reading, first	پہلی خواندگی
-,second	دوسری خواندگی
-,third	تیسری خواندگی
real executive	حقیقی عاملہ
realism	حقیقت پسندی
realm	اقلیم ۔ کشور
real union	حقیقی اتحاد
reappropriation	تخصیص مکرر / دوبارہ مختص
rear guard	چنداول ۔ عقبی دستہ
reassessment	تشخیص ازسرنو ۔ تشخیص مکرر
rebel	باغی
rebellion	بغاوت
rebussic stantibus doctrinebf (I.L.)	نظریہ موقوف شرط حالات

recalcitrant	سرکش ۔ منحرف
recall	بازطلبی
recension	تصحیح
reception	استقبال ۔ استقبالیہ
-and deposit of records (Archives)	ریکارڈوں کی آمد و جمع
-of aliens	غیر ملکیوں کو قبول کرنا
recessing	پس گرد
reciprocal	جوابی ۔ دو طرفہ
-basis	دو طرفہ بنیاد
reciprocity	ہم دگری ۔ تبادل
reciter	قاری
recognising state	تسلیم کرنے والی ریاست
recognition	تسلیم کرنا ۔ تسلیم
-, conditional	مشروط تسلیم کرنا ۔ تسلیم مشروط
-, defacto	تسلیم واقعی ۔ عملاً تسلیم کرنا ۔ واقعتہً تسلیم کرنا
-, dejure	تسلیم قانونی ۔ قانوناً تسلیم کرنا
-, implied	تسلیم مضمر
-, retroactive	تسلیم معکوس
-of absentee government	غیر حاضر حکومت کو تسلیم کرنا
-- insurgency	تسلیم بغاوت ۔ بغاوت کو تسلیم کرنا
-- new heads and Governments of old states	پرانی ریاستوں کی نئی حکومتوں اور سربراہوں تسلیم کرنا
-- territorial titles and international situations	نئے علاقائی استحقاق اور نئے بین اقوامی حالات کو تسلیم کرنا
-- states as international persons	ریاستوں کو بہ حیثیت بین قومی فرد کے تسلیم کرنا

recognitor (one of a jury impanelled on an assize to hold recognition. Early English Law)	ریکگنیٹر
recommendation	سفارش
recommendatory	سفارشی
reconciliation	مصالحت
reconducted alien	غیر ملکی جو اپنے ملک کو لوٹایا جائے
reconduction	واپس پہونچانا
reconfirmation	تصدیق مزید ۔ توثیق مزید
reconnaissance	جائزہ لینا ۔ قراولی
reconstruction	تعمیر نو
-of history	۔تاریخ کی ترتیب نو ۔ تاریخ کی تشکیل نو
record	ریکارڈ / قلمبند کرنا
recorder	منصف فوجداری ، ریکارڈر ۔ ناظر بلدہ
record office	محافظ خانہ
retirement (Archives)	دستاویزوں کا داخل دفتر کرنا
recreational facilities	تفریحی سہولتیں
rectangular tomb (Pre.Hist.)	مستطیل مقبرہ
recyphering	رمزی تحریر کا مکرر لکھنا
redaction	تدوین ۔ ترتیب ۔ نظر ثانی ۔ اشاعت نو
redemption	نجات دلانا
red guards	لال محافظ
redress	دادرس ۔ تلافی ۔ تدارک
red sand-stone	سرخ سنگ خارہ
-shirts	لال کرتی والے ۔ سرخ پوش (خدائی خدمتگار)

-tape	لال فیتا
-tapism	لال فیتا گردی
reduce (a fort)	سر کرنا (قلعہ کا)
reed hut (pre.Hist.)	نرکل جھونپڑی
-shroud (Pre.Hist.)	نرکل کفن
reel and bead border (decoration)	چرخی اور منکے دار حاشیہ
Reeve	ناظم (ضلع)
referendum	ریفرنڈم / رائے طلبی / استفسار رائے
reflection	عکس ۔ پرتو ۔ تہمت
reflex camera	ریفلیکس کیمرہ
reformation (Eng.Hist.)	مذہبی اصلاح کی تحریک (یورپ) ریفارمیشن (تاریخ انگلستان)
refractory chief	سرکش سردار
refugee	مہاجر ۔ پناہ گزیں ۔ شرنارتھی
refutation	تردید
regalia	حقوق شاہی ۔ سازوسامان شاہی ۔ نشان شاہی ۔ لوازم جشن تاج پوشی
regency	عہد ولایت ۔ ولایت
regent	نائب ۔ ولی بادشاہ
-queen	حکمران ملکہ ۔ ولی ملکہ
regicide	شاہ کشی ۔ قتل بادشاہ
regime	نظام حکومت ۔ دور حکومت ۔ طریقہ حکومت
regimentation	بندش فکر و عمل ۔ سکہ بندی ۔ پابند کرنا
-of thought	افکار بندی
Reginum (Ancient Rome)	فوجی چھاؤنی ۔ صدر مقام ۔ ریے گی نم

region	علاقہ۔ خط۔ منطقہ۔ حوالی۔ جوار
regional agencies (I.L.)	علاقائی ایجنسیاں
-- and arrangements, „	علاقائی ایجنسیاں اور بندوبست
-arrangement	علاقائی انتظام
-Commission	ریجنل کمیشن۔ علاقائی کمیشن
-culture	علاقائی تہذیب
-Economic Commission (I.L.)	علاقائی اقتصادی کمیشن
-International Organisation (I.L.)	علاقائی بین اقوامی تنظیم
Regionalism	علاقائی عصبیت۔ علاقائیت
regional policy	علاقائی پالیسی
region of war	علاقہ جنگ
registrar	رجسٹرار
-, Assistant	معاون رجسٹرار
registration, certificate of	رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ۔ سرٹیفکیٹ رجسٹری
regnal year	سنہ جلوس
regnum	دور سلطنت
regular channel	حسب ضابطہ۔ حسب قاعدہ
-session	باقاعدہ اجلاس
Regulating Act (1773)	ریگولیٹنگ ایکٹ
regulation	ضابطہ
Rehearse	تیاری کرنا۔ مشق کرنا۔ ریہرسل کرنا
Reich (formerly the German Empire, since 1919, Germany, a federated republic)	رائش
region	عملداری۔ بادشاہت۔ فرماں روائی

reigning family	فرمانروا خاندان
Reign of Terror	رین آف ٹرر ۔عہد دہشت (فرانس کی تاریخ)
reinforcement	کمک
reinstate	بحال کرنا
rejection	رد ۔ نامنظوری
rejoinder	جواب دعویٰ ۔جواب الجواب ترکی بہ ترکی جواب
relative growth	اضافی افزونی ۔ اضافی نمو ۔اضافی ترقی
-importance	اضافی اہمیت
relaxation of ban	پابندی میں رعایت ۔ممانعت میں ڈھیل
relay post	بدل چوکی ۔ مدد چوکی
-routes	ڈاک چوکی راستہ
-system	ڈاک چوکی نظام
release	واگذاشت ۔ رہائی ۔ رہا کرنا
-on parole	پیرول پر رہائی
-stupa	آثاری استوپ
relics	آثار مقدس ۔ باقیات
-,notional	علامتی آثار
relief	منبت کاری ۔ اُبھرا ہونا ۔ راحت
-,bas	نیم اُبھار
-,half	نصف اُبھار
-,high	بلند اُبھار
-,hollow (=cavo rilievo)	کھوکھلا اُبھار
-,low	کم اُبھار
-,meso	درمیانی اُبھار
-image	اُبھری شبیہ
-pattern	اُبھرا نمونہ

-payment	امدادی رقم
religioloci	کسی مقام کا مذہبی تقدس
religio-magical	مذہبی وجادوی
religion, mystery	مذہب اسرار ورسوم
religiose	انتہائی مذہبی
religious music	مذہبی سنگیت
remains	آثار۔ باقیات
remedial action	تدارکی کارروائی
-right	حق دادرسی
remedy (legal)	دادرسی تلافی (قانونی)
remnants	آثار باقیہ۔ باقیات
renaissance(Eur.Hist.)	نشاۃ ثانیہ (تاریخ یورپ)
rendition	ترجمہ۔ تشریح۔ حوالہ کرنا۔ تفویض
Rendition(of Mysore)	حوالگی میسور
renegade	مرتد۔ تارک دین
renewal(of treaties)	تجدید صلح نامہ۔ تجدید معاہدہ
renovation	نوکاری
rent, ceiling	تحدید کرایہ / کرایہ کی حد
Renunciation	تیاگ۔ ترک۔ دستبرداری
-,The Great	مہاتیاگ۔ ترک عظیم (گوتم بدھ)
-of privilege	ترک مراعات
--war	ترک جنگ
re-occupy	دوبارہ قبضہ کرنا
repairs	مرمت
reparations	تاوان جنگ
repatriation	وطن واپسی

repeal	منسوخ کرنا۔ کالعدم
repertory	مخزن ۔ ذخیرہ
replacement	بدل
replica	نقش ثانی۔ چربہ
reporter	رپورٹر / نامہ نگار
repository	ذخیرہ
repousse (=embossing)	ٹھپے کا کام
representants plenipotentiares	کل اختیار نمائندے
representation	نمائندگی
-,communal	فرقہ وارانہ نمائندگی
-,direct	راست نمائندگی
-,functional	پیشہ ورانہ نمائندگی
-,indirect	بالواسطہ نمائندگی
-,instructed	ہدایتی نمائندگی
-,majority	اکثریتی نمائندگی
-,minority	اقلیتی نمائندگی
-,proportional	تناسبی نمائندگی
-,uninstructed	غیر ہدایتی نمائندگی
representational duties	فرائض نمائندگی ۔ نیابتی فرائض
representation of minorities	اقلیتوں کی نمائندگی
representative	نمائندہ
-,acting resident	کارگزار مقیم نمائندہ
-,Regional	علاقائی نمائندہ
-,Resident	مقیم نمائندہ
-colony	نمائندہ کالونی

representatives of non-monarchical states	غیر شاہی ریاستوں کے نمائندے
reprisal	انتقام ۔ انتقامی کارروائی
republic	جمہوریہ
-, Autonomous	خود مختار جمہوریہ (سوویت یونین)
-Day	یوم جمہوریہ ۔
repudiation	انکار ۔ تردید ۔ معاہدہ شکنی
repugnancy	عدم مطابقت ۔ قابل اعتراض ۔ خلاف مزاج
repulsion	دفع کرنا (حملہ کا) پسپا کرنا
requisition	مطالبہ کرنا ۔ تصرف میں لانا
rescind	منسوخ کرنا ۔ کالعدم کرنا ۔ فسخ کرنا
rescission	منسوخی ۔ تنسیخ ۔ فسخ
rescript	ہدایت شاہی ۔ پوپ کا فتویٰ
research	تحقیق
-officer	ریسرچ آفیسر
reservation	ریزرویشن ۔ قانوناً تحفظ کرنا
reserved land	مخصوص آراضی
-seat	محفوظ نشست ۔ ریزرو سیٹ
reservist	محفوظ فوج کا سپاہی ۔ ریزرو فوجی
resettlement	نو آباد کاری
res extra commercium	خارج از ملکیت تجارت
residency	ریزیڈنسی
resident	ریزیڈنٹ
-, political	سیاسی ریزیڈنٹ
residual	مابقی ۔ بقیہ
residuary	بقیہ
-powers	بقیہ اختیارات ۔ اختیارات مابقی

-sovereignty	باقیماندہ اقتدار اعلیٰ
resistance	مزاحمت ۔ مقاومت
-movement	تحریک مزاحمت
res nullius	غیر مملوکہ
resolution	تجویز ۔ قرارداد ۔ ریزولیوشن
resort to force	تشدد پر اُتر آنا ۔ استعمال تشدد
resources of war	وسائل جنگ
responsibility	جواب دہی ۔ ذمہ داری
-,criminal(of states)	تعزیراتی ذمہ داری (مملکتوں کی)
-,external	خارجی ذمہ داری
-,legal	قانونی ذمہ داری
-,original	اصلی ذمہ داری
-,state	ریاستی ذمہ داری
-,vicarious	عیوضی ذمہ داری ۔ نیابتی ذمہ داری
restitution	بحالی ۔ اعادہ ۔ تلافی
-,Edict of	ایڈیکٹ آف ریسٹی ٹیوشن (تاریخ کلیسا ۱۶۲۹ء) فرمان بحالی
restoration (Eng.Hist.)	ریسٹوریشن (تاریخ انگلستان) ۔ بحالی بادشاہ
restraint	صبر / احتیاط / روک / ممانعت ۔ بندش
res transit cum suo onere (I.L.)	انتقال ذمہ داری بہ شئے منتقلہ
restricted	محدود ۔ پابند ۔ قیود کے ساتھ
-record (Archives)	ریکارڈ جس پر پابندی ہو
restrictions, conventional	روایتی پابندیاں
-,natural	قدرتی پابندیاں
Resurrection	بعثت (حضرت عیسیٰ)
retainer	خادم ۔ مصاحب ۔ توکیل

retaliation	جوابی کارروائی - انتقام - جوابی الزام
retaliatory	انتقامی - الزامی - جوابی
retention period (Archieves)	مدت تحویل
-schedule (Archieves)	فسرد تحویل
retinue	عملہ - نوکر چاکر
retortion	منہ توڑ جواب - جوابی کارروائی
retouched blade (Pre.Hist.)	دوبارہ صیقل شدہ پھل
retouching	اصلاح کرنا - درست کرنا
retreat	پسپائی - پیچھے ہٹنا
retroactive effect	اثر راجع
retroactivity of recognition	تسلیم بہ اثر راجع
retrospective	استقدامی اثر - معکوسی اثر
return emigrant	بازگرد - لوٹنے والا تارک وطن
returning officer	ریٹرننگ آفیسر
revalidation	استناد نو
revenue	مالگزاری - آمدنی - محاصل
reverend	ریورینڈ - محترم
reverse(of a coin)	پشت سکہ
review	جائزہ - نظرثانی - تبصرہ - نظرثانی معائنہ
revision	نظرثانی (فیصلہ پر)
Revisionism	ریویژن ازم - ترمیم پسندی (سوشلسٹ تحریک)
revisionist	ریویژنسٹ - ترمیم پسند
revival	احیا
-of treaties	تجدید معاہدات
revivalism	احیاپسندی

revivalist Movement	احیائی تحریک
reviving (the treaties)	تجدید معاہدات
revocability	تنسیخ پذیری
revoke	منسوخی۔ تنسیخ۔ منسوخ کرنا
revolt	بغاوت / سرکشی
revolution	انقلاب
-Bloodless (=Glorious Revolution)	پرامن انقلاب (شاندار انقلاب)
-, French	انقلاب فرانس ۱۷۸۹ء
-, Glorious (Yr. 1688)	شاندار انقلاب ۱۶۸۸ء
-, Industrial	صنعتی انقلاب
-, Russian	انقلاب روس
revolutionary	انقلاب پسند / انقلابی
Rhoxolani	روکزولینی (بحر اسود کے شمال میں رہنے والی سارمیشی قوم)
Rider	فقرہ مزید / سوار / شرط مزید۔ مزید شق
Right	حق
-, birth	پیدائشی حق
-, civil	شہری حق
-, constitutional	آئینی حق / دستوری حق
-, legal	قانونی حق
-, moral	اخلاقی حق
-, natural	فطری حق
-, political	سیاسی حق
-Honorable	رائٹ آنریبل
-of absolute immunity of foreign states	بیرونی مملکتوں کا حق استثنائے مطلق

--acquiring and holding territory	خطۂ زمین کے حصول و مملکت کا حق (غیر جانب داروں کی املاک کی بنا پر متحاربین کا قبضہ کر لینا یا تلف کرنا)
--angary	حق املاک و اتلاف ۔ حق اتلاف
--approach	حق رسائی
--asylum or right to asylum	حق پناہ بخشی ۔ حق پناہ طلبی
--chapel	حق عبادت
--contiguity (the right, sometimes claimed by a nation occupying such a part of a region with artificial or natural boundaries as enables it to control the whole region)	حق قرب ۔ حق تسلسل
--convey	حق بدرقہ
--embassy	حق سفارت
--equality	حق مساوات
--existence	حق زیست
--expartiation (right of a person who has emigrated and who has acquired new nationality to renounce effectively the nationality of the state of his origin)	حق دستبرداری شہریت
--good name and reputation	حق نیک نامی
--independence	حق آزادی
--inocent passage	حق پرامن رہ گزاری
--intercourse	حق ارتباط ۔ حق رابطہ
--legation; active (the right to send envoys is termed active right of legation)	سفیر بھیجنے کا حق

---, passive (the right to receive envoys is termed passive right of legation)	سفیر کو تسلیم کرنے کا حق
-- passage	حق راہ گزاری
---of troops	حق راہ گزاری فوج
--property	حق ملکیت۔ حق املاک
--protection	حق تحفظ
--pursuit	حق تعاقب
-- self-defence	حق مدافعت۔ حق خود حفاظتی۔ اپنے بچاؤ کا حق
--- determination	حق خود اختیاری
---preservation	حق بقائے ذات
--territorial supremacy	حق علاقائی کل اختیاری
--visitation	حق معائنہ
--ordering of loyalties	وفاداریوں کی صحیح ترتیب کا حق
rights of man	حقوق انسانی
--mankind	حقوق نوع انسانی
Right to an adequate standard of li-ving and education	مناسب معیار زندگی اور تعلیم کا حق
--assembly	حق اجتماع
--be elected	منتخب ہونے کا حق
--constitutional remedies	دستوری دادرسی کا حق
--culture and	زبان و تہذیب کا حق
language	زبان اور کلچر کا حق
--education	حق تعلیم
--employment	حق روزگار۔ حق معاش

--equality before the law	حق مساوات پیش قانون
--freedom of movement (within the state)	حق آزادی نقل و حرکت (مملکت کے اندر)
--hold an office	حق عہدہ داری
--life and property	حق جان و مال
--liberty and security of person	حق زندگی / آزادی و تحفظ ذات کا حق
--live	حق زندگی ۔ حق زیست
--livelihood	حق معاش
--nationality	حق قومیت
--peaceful assembley and association	پرامن اجتماع اور تنظیم کا حق
--petition	حق عرضداشت
--recognition	تسلیم کرنے کا حق ۔ تسلیم کیے جانے کا حق
---as a person before the law	بروئے قانون فرد تسلیم کیے جانے کا حق
--revolution	حق انقلاب
--social security	سماجی تحفظ کا حق
--specified judicial safeguards	معینہ عدالتی تحفظ کا حق
--vote	ووٹ کا حق
--war	جنگ کا حق
--work	کام کا حق ۔ حق روزگار
---under just and favourable conditions	منصفانہ اور سازگار حالات میں کام کرنے کا حق
--worship and freedom of conscience	عبادت و آزادی ضمیر کا حق

rigid (constitution)	بے لچک ۔بے لوچ۔ استوار (دستور)
ring-bands	حلقہ دار پٹیاں
-building	گول عمارت ۔ مدور تعمیر
-leader	سرغنہ
-money	حلقہ دار سکہ
-well (=brick well) (Pre.Hist.)	پکا کنواں ۔ جگت دار کنواں
Rio Reciprocal Assistance Pact	ریو کا تبادلی امداد کا معاہدہ
riot	فساد ۔ بلوہ
riparian	ساحلی
-civilization	ساحلی تہذیب ۔ ساحلی تمدن
-states	ساحلی ریاستیں
ripple mark	لہر کا نشان ۔ لہر دار سطح
rising	شورش
Risorgimento	ریسرجی مینٹو (اٹلی کی قومی تحریک)
rites	رسوم / رسمیں
-, burial	رسوم تدفین
-, cremation	داہ سنسکار
-, fertility	رسم زرخیز کاری
-, magical	جادوی رسوم ۔ جادو ۔ ٹونا
-, religious	مذہبی رسوم
ritual	رسم ۔ آداب
-behaviour	رسمی فعل ۔ رسمی بیوہار
-ceremonies	رسمی تقریبیں
ritualist	رسوم پرست
ritual monument	رسم گاہ (قربانی کی یادگار)

-objects	رسومی اشیاء
-values	رسومی اقدار
rivalry	رقابت
river, boundary	سرحدی دریا۔ سرحدی ندی
-, international	بین اقوامی دریا
-, national	قومی دریا
-terrace	دریا کا اونچا کنارہ۔ ٹیرس
robes	لباس فاخرہ
rock born	سنگ زائیدہ (دیوتا)
- cut	سنگ تراشیدہ
-- architecture	چٹانی فن تعمیر
-- edict	چٹانی فرمان
-- facade	چٹانی پیش رخ
-dwellings	چٹانی گھر
-hewn chambertomb	چٹانی مقبرہ
-inscription (=rock-cut inscription)	چٹانی کتبہ
romanesque	رومانی طرز تعمیر۔ رومانسک (لاطینی الاصل زبان)
Roman Ionic	رومی ایونیائی
-liturgy	اوراد و وظائف۔ رومی کلیسا
-rite	رومی رسم
-road	رومی شاہراہ
romantic	رومانی
romanticism	رومانیت
romantic movement (18th Century)	رومانی تحریک
Romony	ہندوستان کی اس خانہ بدوش قوم کا جو مشرقی یورپ میں مقیم ہے۔ جپسی قوم

Rossen-Danubian (settlers (Pre.Hist.)	رَاسَن ڈینوبی باشندے
rotten-boroughs	راٹن برد ۔ وہ شہر جو ۱۸۳۲ء کے ریفارم بل کے زمانے میں بہت کم آبادی ہوتے ہوئے بھی پارلیمنٹ میں نمائندہ بھیجنے کا حق رکھتے تھے ۔
Rough rider	رف رائڈر
round-head	راؤنڈ ہیڈ
-up	گرفتاری / پوری جماعت کی گرفتاری / اجتماعی گرفتاری
rout	بھگدڑ (دشمن کی فوج)
royal	شاہانہ ۔ شاہی
-audience	شاہی دربار ۔ باریابی
-burial	شاہانہ تدفین ۔ شاہی تدفین
-cemetery	شاہی قبرستان
-charter	شاہی منشور
-corps	شاہی دستہ
-crest	شاہی طغرہ
-decree	شاہی فرمان
-family	شاہی خاندان
-Figure Hall	شاہی بت خانہ
-Highness,Her	علیا حضرت
--,His	اعلیٰ حضرت
-household	خانوادہ / خاندان / خانہ شاہی
royalist	شاہ پرست ۔ رائلسٹ
royalists (Eng.Hist.)	رائلسٹس (چارلس اول کے حامی)
royal prerogatives	شاہی اختیار خصوصی

-shield	سپر شاہی
-tomb	شاہی مقبرہ
rubric (Archives)	لکھ پاتر ۔ رو برک مخطوط کا خاص صفحہ ۔ سرخی
ruins	کھنڈر
Rule	قاعدہ ۔ ضابطہ
-, conventional	روایتی قاعدہ
-of law	قانون کی عمل داری رول آف لا
--the road	قاعدہ رہ گزر
--unanimity	قاعدہ اتفاق رائے
rules of conduct	ضابطہ آداب
--procedure	قواعد کارروائی ۔ دستور العمل / ضوابط کارروائی
--war	قواعد جنگ
ruling chief	حکمران سردار
-family	حکمران خاندان
Rump Parliament (Eng.Hist.)	رمپ پارلیمنٹ (۱۶۵۳ء) (تاریخ انگلستان)
runner	ہرکارہ
rupture of relations	قطع تعلقات
ruse	فریب ۔ حیلہ ۔ ترکیب ۔ چال

S

Sabazius (Gr.Rom.Mythol)	ناگ دیوتا ۔ سیبے زی اس (یونانی رومی دیو مالا)
sabbath	روزسبت (یہودی مذہب) یوم السبت
sabines(Rome Hist.)	سیبائن (قوم)
sabotage	تخریب کاری / سبوتاژ
saboteur	تخریب کار / سبوتاژی
sacae	شاک (قوم)
sacerdotal	پروہتی
sacerdotalism	پروہت پسندی ۔ پروہتی طرز ۔ پروہت راج
sack	تاراج کرنا ۔ تاراجی (ایک قسم کی شراب)
sacramental	مقدس رسم والی ۔ سیکرامینٹ
-grace (Christian Religion)	دعائے عشائے ربانی (عیسائی مذہب)
-system	مقدس رسم کا نظام
sacramentary	دعاؤں اور رسوم کی کتاب (مذہب عیسائی)
sacrament of the altar (Christian Religion)	قربان گاہ کی رسم (عیسائی مذہب)
sacred tree	شجر مقدس
sacrifice	قربانی ۔ یگیہ
-Vicarious	یگیہ کا کتبہ
sacrificial inscription	قربانی کا کتبہ / یگیہ کا کتبہ
-memorial	قربانی کی یادگار / یگیہ کی یادگار

-post	یادگاری ستون قربانی ۔ یگیہ کا یادگاری ستون
-rites	یگیہ ۔ رسوم قربانی
sacristy	گرجا کے کپڑے و برتن رکھنے کی جگہ
sacrosanct	مقدس ترین
saddle quers/ saddle back quern	ہتھ چکی کا زین نما پاٹ
safe and permanent establishment	محفوظ اور مستقل قیام ۔
-conduct	پروانہ حفاظت ۔ حفاظتی پروانہ
-custody	محفوظ حوالگی ۔ محفوظ تحویل
safeguard	تحفظ
safeguarding	تحفظ کرنا
safety certificate	پروانہ حفاظت ۔ سند حفاظت
sale-deed	بیع نامہ
-of territory	بیع علاقہ
salient angle	دمدمہ کا آگے کو نکلا ہوا زاویہ
-features	نمایاں خصوصیات ۔ اہم خصوصیات
sally	ٹوٹ پڑنا ۔ ریلا ۔ چڑھ دوڑنا
salus	سیلس ۔ صحت و سلامتی کا دیوتا (رومی دیومالا)
salutation	کورنش
saluting base	جائے سلامی
-platform	سلامی منچ
salvation army	سالویشن آرمی ۔ مکتی فوج
samaritans	اہل سامرہ
samarra pottery	سمرا ظروف
samian ware	سیموسی ظروف

Samnites	سمناتی
sanctify	مقدس قرار دینا
sanction	منظوری۔ اذن۔ حرمت قانونی جواز قانونی۔ اصابت قانونی ۔ فرمان کلیسائی
sanctions	سینکشن۔ پابندیاں۔ مجبور کن اقدامات
-, disciplinary	مجبور کن تادیبی اقدامات
-, economic	مجبور کن اقتصادی اقدامات
-, penal	مجبور کن تعزیری اقدامات
sanctity of treaty	حرمت معاہدہ
sanctuary	معبد۔ مقدس ترین مقام۔ پناہ گاہ
sanctum	مقدس حصہ (یہودی معبد کا) حرم
-sanctorum	قدس الاقدس
sanhedrin	عدالت عالیہ (یہودیوں کی) اس عدالت کے ستر بہتر رکن ہوتے تھے
sanitary cordon	حصار تحفظ (متصل ریاستیں جو کسی جارح یا نظریاتی طور پر خطرناک ریاست کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے قائم کی جائیں)
